ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور شاہینوں کے شہر سرگودھا سے
MEMBER CPNE
Daily MANAQIB
روزنامہ
مناقب
اسلام آباد
ایڈیٹر انچیف شاہ محمد اعوان
جلد نمبر 6 | جمعرات 5 محرم الحرام، 4 اگست 2022ء، صفحات 8، قیمت 15 روپے | شمارہ 153

حکومت بھیجنے کی تیاری مکمل، تحریک عدم اعتماد لا رہے ہیں، فواد چوہدری

84 سیٹیں لینے والی مسلم لیگ (ن) کہہ رہی ہے، ہم 155 نشستیں لینے والی پارٹی پر پابندی لگا دیں گے، عمران خان کو عوام کی اتنی بڑی سپورٹ حاصل ہے کوئی مائی کا لعل انہیں دیوار سے نہیں لگا سکتا

الیکشن کمیشن نے توقع کے مطابق عجلت میں فارن فنڈنگ کیس کا فیصلہ سنایا اور پی ڈی ایم کی قیادت کے زیرالتوا مقدمات کے حوالے سے الیکشن کمیشن سے ہونے والی بات چیت کے فوراً بعد یہ فیصلہ سنایا گیا

الیکشن کمیشن نے عجلت میں دو فیصلے سنا دیے ہیں، ایک فیصلہ میڈیا کے حوالے کیا گیا جس میں آخری لائن میں ریفرنس حکومت کو بھجوائے جانے کا ذکر نہیں تھا اور وہ اس لیے نہیں تھا کہ جس قانون کے تحت کارروائی ہو رہی تھی،

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے موجودہ اتحادی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بھیجنے کی تیاری ہم نے مکمل کر لی ہے، ہم حکومت سے اعتماد کا ووٹ لینے کا کہیں گے اور جلد یہ حکومت گھٹنوں پر ہوگی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے توقع کے مطابق عجلت میں فارن فنڈنگ کیس کا فیصلہ سنایا اور پی ڈی ایم کی قیادت کے زیرالتوا مقدمات کے حوالے سے الیکشن کمیشن سے ہونے والی بات چیت کے فوراً بعد یہ فیصلہ سنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے عجلت میں دو فیصلے سنا دیے ہیں، ایک فیصلہ میڈیا کے حوالے کیا گیا جس میں آخری لائن میں ریفرنس حکومت کو بھجوائے جانے کا ذکر نہیں تھا اور وہ اس لیے نہیں تھا کہ جس قانون کے تحت کارروائی (بقیہ نمبر 23)

فارن فنڈنگ ثابت ہو چکی، پی ٹی آئی غیر ملکی ایجنٹ ہے، الیکشن کمیشن ایک ادارہ، حقائق کو نہیں جھٹلایا جا سکتا ہے، اب آئین اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائیگی، مولانا فضل الرحمٰن

پی ڈی ایم، اتحادی جماعتوں کا اجلاس

عمران خان کو نااہل کرانے کیلئے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کرنے کا فیصلہ

وزیراعظم ہاؤس میں پی ڈی ایم اور اتحادی جماعتوں کا اجلاس ہوا، اجلاس میں پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس پر الیکشن کمیشن کے فیصلے پر تفصیلی غور کیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی

ریفرنس آرٹیکل 62 اور 63 کے تحت دائر کیا جائیگا، مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کیساتھ غیر رسمی مشاورت کے بعد ریفرنس دائر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) وزیراعظم ہاؤس میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) اور اتحادی جماعتوں کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کو نااہل کرانے کیلئے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جائیگا۔ وزیراعظم ہاؤس میں پی ڈی (بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) پی ڈی ایم کے سربراہ و قائد جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ثابت ہو چکا پی ٹی آئی کو فارن فنڈنگ ہوئی، یہ غیرملکی ایجنٹ اور غیرملکی ایجنڈے پر ہے (بقیہ نمبر 57)

آرمی چیف کی لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید اور بریگیڈیئر محمد خالد کی نماز جنازہ میں شرکت، شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات



راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید اور بریگیڈیئر محمد خالد کی نماز جنازہ میں شرکت کی شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید کوئٹہ پہنچے، جہاں آرمی چیف نے کوئٹہ گیریژن میں لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید اور بریگیڈیئر محمد خالد شہید کی نماز جنازہ (بقیہ نمبر 44)

انقرہ، وفاقی وزیر شازیہ مری انقرہ ایئرپورٹ پریذیڈنٹ مسٹر Ridvan Duran سے ملاقات کر رہی ہیں

چین اور پاکستان کے درمیان شمسی توانائی میں تعاون ناگزیر ہے، چینی میڈیا

چین نے دنیا بھر میں سولر فوٹو وولٹکس (پی وی) کی لاگت کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا

سولر پی وی پلانٹس میں 144 ملین ڈالر کی غیرملکی سرمایہ کاری میں سے 125 ملین ڈالر چین کی ہے

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) چین اور پاکستان کے درمیان شمسی توانائی میں تعاون ناگزیر ہے، چین نے دنیا بھر میں سولر فوٹو وولٹکس (پی وی) کی لاگت کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، سولر پی وی پلانٹس میں 144 ملین ڈالر کی غیرملکی سرمایہ کاری میں سے 125 ملین ڈالر چین کی ہے، پاکستان اور اس کے نجی شعبے کو چین کیساتھ شمسی توانائی تعاون کو مزید مضبوط بنا کر سنہری موقع سے فائدہ اٹھانا (بقیہ نمبر 24)

کچھ ادارے آئینی حدود میں مداخلت کر رہے ہیں، نور عالم خان

قواعد و ضوابط کے تحت احتساب بیورو، سپریم کورٹ اور دفاعی ادارے پی اے سی کے سامنے جوابدہ ہیں

خاتون نے جاوید اقبال کے حوالے سے ویڈیو دکھائی، آمنہ جنجوعہ نے بھی چیئرمین مسنگ پرسنز کا نام لیا، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) پاکستان تحریک انصاف کے منحرف رکن اسمبلی نور عالم خان نے کہا ہے کہ کچھ ادارے آئینی حدود میں مداخلت کر رہے ہیں، قواعد و ضوابط کے تحت احتساب بیورو، سپریم کورٹ اور دفاعی ادارے پی اے سی کے سامنے جوابدہ ہیں، خاتون نے جاوید اقبال کے حوالے سے ویڈیو دکھائی، آمنہ جنجوعہ نے بھی چیئرمین مسنگ پرسنز کا نام لیا، میں ان کو جج نہیں کہوں گا وہ جاوید اقبال ہے جس نے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا، مسنگ پرسنز کا سربراہ آپ اس کو بنائیں گے جو خواتین سے پوچھے آپ نے شادی کی ہے؟ اپنا سر کاٹ دوں گا، بیٹی بہن کے سر پر چادر ڈالوں گا۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں (بقیہ نمبر 26)

عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے بیٹے حمزہ شہباز کو فرد جرم عائد کرنے کے لئے آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا

لاہور (این این آئی) سپیشل سنٹرل کورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے صاحبزادوں حمزہ شہباز اور سلیمان کے خلاف منی لانڈرنگ کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ سپیشل سینٹرل کورٹ نے گزشتہ سماعت کا 9 صفحات کا تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے وزیراعظم کے بیٹے سلیمان (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے آسٹریلیا کے ہائی کمشنر نیل ہاکنس ملاقات کر رہے ہیں رکن قومی اسمبلی مونس الٰہی بھی موجود ہیں

فارن فنڈنگ نوٹس فنڈ ضبطی کا ہے، شیخ رشید احمد

عمران خان کو نااہل کرانے یا پی ٹی آئی کو کالعدم کرانے کا نہیں

بیان حلفی اور سرٹیفکیٹ میں فرق ہوتا ہے۔ فارن فنڈنگ کیس دفن ہو گیا اور فیصلہ سپریم کورٹ کے پاس چلا گیا

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ فارن فنڈنگ نوٹس فنڈ ضبطی کا ہے عمران خان کو نااہل کرانے یا پی ٹی آئی کو کالعدم کرانے کا نہیں۔ شیخ رشید نے ٹوئٹر پر بیان میں کہا کہ بیان حلفی اور سرٹیفکیٹ میں فرق ہوتا ہے۔ فارن فنڈنگ کیس دفن ہو گیا اور فیصلہ سپریم کورٹ کے پاس چلا گیا۔ شیخ رشید نے کہا کہ نواز شریف کے کیس اور فارن فنڈنگ کیس میں فرق ہے۔ فارن فنڈنگ شوکاز نوٹس صرف فنڈ ضبطی کا ہے نہ کہ پارٹی کالعدم اور عمران خان کو نااہل کرائیگا۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پی ڈی ایم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک بھر میں 9 اور 10 محرم کو عام تعطیل کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے 9 اور 10 محرم الحرام کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے عاشورہ کے موقع پر دو چھٹیوں کی منظوری دی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری (بقیہ نمبر 43)

شیریں مزاری کی گرفتاری کی تحقیقات کے حوالے قائم انکوائری کمیشن کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری کی گرفتاری کی تحقیقات (بقیہ نمبر 42)

پارلیمنٹ بالادست ادارہ ہے، اس کی کسی کمیٹی میں کسی ادارے کے سربراہ کو طلب کیا جائے تو اسے پیش ہونا چاہیے، وزیر دفاع

اس ادارے کو مضبوط بنانا حکومت، اپوزیشن سمیت سب کی ذمہ داری ہے، خیبر پختونخوا میں احتساب کا ادارہ بند کر دیا گیا، باقی تینوں صوبوں اور وفاق میں احتساب ہوتا رہا

گزشتہ روز اپنے آپ کو آئین اور قانون کے تحت ملک چلانے کے دعویدار کو جھوٹے بیان حلفی جمع کرانے پر آئینی ادارے نے بے نقاب کر دیا

دیگر اداروں کے عہدیدار پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں پیش ہو سکتے ہیں تو نیب کے ادارے کا احتساب کیوں نہیں ہو سکتا، یہ سلسلہ ملک کے وجود کے لئے تشویشناک ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ بالادست ادارہ ہے، اس کی کسی کمیٹی میں کسی ادارے کے سربراہ کو طلب کیا جائے تو اسے پیش ہونا چاہیے، اس ادارے کو مضبوط بنانا حکومت، اپوزیشن سمیت سب کی ذمہ داری ہے، خیبر پختونخوا میں احتساب کا ادارہ بند کر دیا گیا، باقی تینوں صوبوں اور وفاق میں احتساب ہوتا رہا، گزشتہ روز اپنے آپ کو آئین اور قانون کے (بقیہ نمبر 41)

حکومت مصدقہ ثبوتوں پر ڈکلیریشن دے سکتی ہے، وزیر داخلہ

الیکشن کمیشن کے فیصلے نے عمران کو جھوٹا اور جعل ساز ثابت کیا عدالت اسے برقرار رکھے تو پی ٹی آئی تحلیل ہو جائیگی

حکومتی اتحاد کی میٹنگ میں فیصلے کے بعد کا لائحہ عمل بنایا گیا ہے، قوم کو عمران خان سے متعلق آگاہ کرنے کی ضرورت ہے،، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ حکومت مصدقہ ثبوتوں پر ڈکلیریشن دے سکتی ہے کہ پی ٹی آئی فارن ایڈڈ پارٹی ہے اور اگر سپریم کورٹ یہ ڈکلیریشن برقرار رکھتی ہے تو پارٹی تحلیل ہو جائے گی۔ ایک انٹرویو میں وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے سو فیصد درست (بقیہ نمبر 28)

حکومت نے احتساب عدالت کے ججز کی تعیناتی کا اختیار صدر مملکت سے چھین لیا، شہباز گل

الیکشن کمشنر عدالتی احکامات کی دھجیاں اڑا رہے ہیں، مسائل کا حل شفاف الیکشن ہیں، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ حکومت نے احتساب عدالت کے ججز کی تعیناتی کا اختیار صدر مملکت سے چھین لیا، بیرونی سازش کے تحت پاکستان کو معاشی طور پر تباہ کر دیا گیا، مہنگائی عروج پر، ایکسپورٹ کم ہوتی جا رہی ہے، الیکشن کمشنر عدالتی (بقیہ نمبر 53)

8 سال بعد آنے والے فیصلے میں عجلت ڈھونڈنے والوں پر حیرانی ہے، ترجمان الیکشن کمیشن

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی ممنوعہ فارن فنڈنگ کیس کے حوالے سے ترجمان الیکشن کمیشن کی اہم وضاحت سامنے آگئی۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ ہمیشہ کی طرح چند اشخاص گمراہ کن اور جھوٹا پروپیگنڈا کر رہے ہیں، پروپیگنڈا کیا گیا الیکشن کمیشن نے ممنوعہ فنڈنگ کے معاملے پر عجلت میں دو فیصلے دیے (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، وزیراعظم کے معاون خصوصی عطاء اللہ تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چوہدری وجاہت کا آصف زرداری سے ڈالر لینے کا متنازعہ بیان، اصل حقائق سامنے آگئے

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) مسلم لیگ ق کے صدر سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کے بھائی سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین کی طرف سے چوہدری شجاعت حسین کے بیٹے پر سابق صدر آصف علی زرداری سے ڈالر لینے (بقیہ نمبر 40)

ممنوعہ فنڈنگ فیصلہ چیلنج کرنے کے لیے پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم تشکیل

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) ممنوعہ فنڈنگ سے متعلق الیکشن کمیشن کا فیصلہ چیلنج کرنے کے لیے چیرمین پی ٹی آئی عمران خان نے چار رکنی قانونی ٹیم تشکیل دیدی۔ چار رکنی قانونی ٹیم میں انور منصور، بیرسٹر علی ظفر، شاہ خاور اور فیصل چوہدری شامل (بقیہ نمبر 39)

عمران خان بھارتی شہریوں سے فنڈنگ لیتے رہے، احسن اقبال

فارن فنڈنگ کے ذریعے سی پیک کے منصوبوں کو تباہ کرنے کی کوشش کی گئی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ عمران خان بھارتی شہریوں سے فنڈنگ لیتے رہے، فارن فنڈنگ کے ذریعے سی پیک کے منصوبوں کو تباہ کرنے کی (بقیہ نمبر 29)

طالبان قیادت نے ایمن الظواہری کی ہلاکت پر ردعمل دینے پر غور شروع کر دیا

کابل (این این آئی) امریکی ڈرون حملے میں القاعدہ رہنما ایمن الظواہری کی ہلاکت کے بعد افغانستان میں طالبان کی اعلیٰ قیادت ردعمل دینے کے حوالے سے غور کر رہی ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق طالبان نے اتوار کو ہونیوالے ڈرون حملے کی تصدیق کی تھی لیکن ان کا کہنا تھا کہ حملے کا نشانہ بننے والا گھر خالی تھا۔ ایک طالبان رہنما نے رائٹرز کو بتایا ہے (بقیہ نمبر 55)

پاکستان اور عمران خان کی سیاست لازم و ملزوم نہیں ہیں، عظمیٰ بخاری

پاکستان آئین، فرقہ عمرانیات کے مطابق نہیں چل سکتا، مرکزی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ایسا نہیں ہے کہ عمران خان کے بغیر پاکستان کی سیاست نہیں چل سکتی، پاکستان اور عمران خان کی سیاست لازم و ملزوم نہیں ہیں، پاکستان آئین عمرانیات اور فرقہ عمرانیات کے مطابق نہیں چل سکتا، (بقیہ نمبر 31)

قومی اسمبلی نے قومی احتساب ترمیم دوئم سمیت دو بلوں کی منظوری دے دی

اہم قانون سازی کے موقع پر حکمران اتحاد کے چیف وہپ کو یہاں موجود ہونا چاہیے، غوث بخش مہر

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے قومی احتساب ترمیم دوئم سمیت دو بلوں کی منظوری دے دی۔ بدھ کو اجلاس کے دوران وزیر مملکت برائے قانون سینیٹر شہادت اعوان نے قومی (بقیہ نمبر 38)

محرم الحرام کے دوران مذہبی رواداری اور قیام امن کیلئے ڈسٹرکٹ لیول پر خصوصی کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں، پرویز الٰہی

مذہبی منافرت پر مبنی لٹریچر شائع و فروخت اور سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے والوں کیخلاف بلاامتیاز ایکشن لیا جائے گا

علماء کرام کے مسائل کے حل کیلئے راجہ بشارت کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل، کمیٹی میں سول، پولیس کے حکام اور علماء کرام شامل ہونگے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی زیر صدارت آج اتحاد بین المسلمین کمیٹی پنجاب کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام، مشائخ عظام اور علمی و دینی شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں آرمی ہیلی کاپٹر کے المناک حادثے میں شہید کور کمانڈر کوئٹہ (بقیہ نمبر 46)

وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اجلاس میں حادثہ میں شہید ہونے والے کور کمانڈر اور دیگر کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیراعظم ہاؤس کو ممنوعہ فنڈنگ سے متعلق الیکشن کمیشن کے فیصلے کی نقل موصول ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم ہاؤس کو ممنوعہ فنڈنگ سے متعلق الیکشن کمیشن کے فیصلے کی نقل موصول ہوگئی۔ گزشتہ روز الیکشن کمیشن کے فیصلے سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قانونی ٹیم کا اجلاس جاری ہوا جس میں اتحادی (بقیہ نمبر 32)

1 ہزار 331 انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی فہرست جاری

خیبر پختونخوا پولیس کو سب سے زیادہ 850، پنجاب کو 118 دہشتگرد مطلوب ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے 1331 انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی فہرست جاری کر دی۔ ایف آئی اے کی جانب سے جاری فہرست کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس کو سب سے زیادہ 850 دہشتگرد مطلوب ہیں، جبکہ ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کو (بقیہ نمبر 37)

گارڈن پولیس ہیڈکوارٹر میں صفائی کے دوران دستی بم پھٹ گیا، 2 پولیس اہلکار جاں بحق جبکہ 2 زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے گارڈن میں واقع پولیس ہیڈکوارٹر میں دستی بم کے دھماکے میں 2 اہلکار جاں بحق اور 2 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دھماکا ہیڈکوارٹر گارڈن کے اسلحہ خانے میں ہوا۔ اسپتال ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد چار زخمی پولیس اہلکاروں کو اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، وفاقی وزیر امین الحق سے ناروے کا سفیر ملاقات کر رہا ہے

ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید افسران کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

کراچی (این این آئی) بلوچستان میں سیلاب زدگان کے ریلیف آپریشن کے دوران ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید افسران کی نماز جنازہ ملیر گیریژن میں ادا کر دی گئی جس کے بعد نماز جنازہ کے بعد شہداء (بقیہ نمبر 48)

عمران خان منافقت کے چیمپئن ہیں، عطاء تارڑ

الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد تحریک انصاف بوکھلاہٹ کا شکار ہے، معاون خصوصی کی گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) وزیراعظم کے معاون خصوصی عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ عمران خان منافقت کے چیمپئن ہیں، الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد تحریک انصاف بوکھلاہٹ کا شکار ہے، تحریک انصاف چاہتی تھی کہ فارن فنڈنگ کے معاملے کو خفیہ رکھا جائے، عمران خان کی ذات اور سیاست کا ملکی معیشت پر منفی اثر رہا ہے، ملکی معیشت استحکام کے راہ پر چل پڑی ہے، فیصلے کا معیشت پر مثبت اثر پڑا ہے، معاملے (بقیہ نمبر 49)

الیکشن کمیشن کے اندر یہ استطاعت ہی نہیں کہ وہ گوشواروں کا جائزہ لے سکے، فرخ حبیب

پی ڈی ایم اور الیکشن کمیشن کا گٹھ جوڑ ہے، الیکشن کمیشن اپنے مینڈیٹ سے بڑھ کر وفاقی حکومت کو رپورٹ بھیج رہا ہے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے اندر یہ استطاعت ہی نہیں کہ وہ گوشواروں کا جائزہ لے سکے۔ اپنے بیان میں فرخ حبیب نے کہا (بقیہ نمبر 34)

پاکستان دہشتگردی کے مقابلے کیلئے پرعزم ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی قانون کے مطابق دہشتگردی کا مقابلہ کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان میں امریکا کے انسداد دہشتگردی آپریشن سے متعلق (بقیہ نمبر 33)

کراچی، متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیتی انڈس ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

عمران خان ملکی تاریخ کے سب سے بڑے چور ثابت ہو چکے ہیں، بلاول بھٹو

عمران خان قوم کے سامنے بے نقاب ہو گئے، جو شخص جھوٹا حلف نامہ الیکشن کمیشن کو دے، وہ صادق اور امین نہیں ہو سکتا

غیر ملکیوں سے پیسے لے کر ملکی سیاست کو آلودہ کرنے والے عمران خان عوام کے مجرم ہیں، وزیر خارجہ کا بیان

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد عمران خان ملکی تاریخ کے سب سے بڑے چور ثابت ہو چکے ہیں، جو شخص جھوٹا حلف نامہ الیکشن کمیشن کو دے، وہ صادق اور امین نہیں ہو سکتا، غیر ملکیوں سے پیسے لے (بقیہ نمبر 50)

ممنوعہ فنڈنگ کے فیصلے پر حکومت آئین و قانون کے مطابق کردار ادا کریگی، خواجہ سعد

ہر وہ چیز جو عمران خان نے تھوکی اب انہیں چاٹنی پڑ رہی ہے، نذیر چوہان کے واقعہ کو لانگ مارچ والے واقعہ سے نہ جوڑیں

معاملے پر مشاورت جاری ہے، ایک دو روز میں فیصلہ ہو جائیگا، بڑے بڑے چالاک دیکھے، عمران خان جیسا چالاک نہیں دیکھا، قدرت کیسے بے نقاب کر رہی ہے

آپ اگر لانگ مارچ میں وفاق پر چڑھائی کر رہے ہوں تو ریاست آرام سے نہیں بیٹھے گی، بلوچستان میں فوجی جوانوں کی شہادت قومی المیہ ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ مناقب) وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے واضح کیا ہے کہ فارن فنڈنگ کیس کے حوالے سے وفاقی حکومت آئین و قانون کے مطابق اپنا کردار ادا کریگی، اس پر مشاورت جاری ہے، ایک دو روز میں اس کا فیصلہ ہو جائیگا، بڑے بڑے چالاک دیکھے، عمران خان جیسا چالاک نہیں دیکھا، (بقیہ

ہنگامی صورتحال کے پیش نظر بھارت سے استھیزیا درآمد کرنے کا فیصلہ

بھارت سے بذریعہ جہاز استھیزیا گیس پاکستان لائی جائے گی، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں بیہوش کرنے والی دوائی کی شدید قلت کے بعد وفاق نے ہنگامی صورتحال کے پیش نظر بھارت سے استھیزیا درآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ لاہور سمیت پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں بیہوش کرنے والی دوائی کی شدید قلت ہوگئی ہے جس کے بعد وفاقی حکومت نے ہنگامی صورتحال کے پیش نظر بھارت سے استھیزیا درآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا (بقیہ نمبر 36)

خیبر پختونخوا کی 4 جامعات مالی بحران کا شکار ہو گئی

چاروں یونیورسٹیز نے ملازمین کو جولائی کی تنخواہ دینے سے معذرت کرلی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی 4 یونیورسٹیز مالی بحران کا شکار، چاروں یونیورسٹیز نے ملازمین کو جولائی کی تنخواہ دینے سے معذرت کی ہے، دوسری جانب ملازمین نے تنخواہیں ادا نہ کرنے پر قلم چھوڑ ہڑتال کی دھمکی دی ہے۔ خیبر پختونخوا کی 4 جامعات مالی بحران کا شکار ہو گئی۔ اسلامیہ کالج، زرعی (بقیہ نمبر 52)

عمران خان کا نام 100 بار ای سی ایل میں ڈالیں، فرق نہیں پڑتا، فرخ حبیب

الیکشن کمیشن کی جانب سے بڑی غلطیاں نظر آ رہی ہیں، فیصلے میں جنہیں غیر ملکی لکھا وہ پاکستانی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ عمران خان کا نام 100 بار ای سی ایل میں ڈالیں فرق نہیں پڑتا، الیکشن کمیشن کی جانب سے بڑی غلطیاں نظر آ رہی ہیں، فیصلے میں جنہیں غیر ملکی لکھا وہ پاکستانی ہیں، وفاق سے امپورٹڈ حکومت جلد ختم ہوگی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی فرخ حبیب نے حکومت کی طرف عمران خان کا نام ای سی ایل میں (بقیہ نمبر 51)

لاہور، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ عبداللہ خان سنبل صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر لاہور عمر شیر چٹھہ سیلاب کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ مناقب اسلام آباد
Daily MANAQIB
افکار الاعوان پاکستان میڈیا گروپ کے زیر اہتمام شائع ہونے والا قومی اخبار
ادارتی صفحہ
ادارتی صفحہ پر شائع ہونے والی تحریروں سے ادارہ کا متفق ہونا لازم نہیں / قرآنی آیات اسلامی طریقہ سے محفوظ کریں (شکریہ)
تازہ ترین خبروں کے لئے وزٹ کریں
www.DailyManaqib.com

بے رحم سیاست، نااہل سیاستدان

تحریر: حافظ محمد ادریس بھچر۔ خوشاب

لغت میں سیاست کا مطلب حکومت کرنا اور لوگوں کی امر ونہی کے ذریعے اصلاح کرنا ہے جبکہ اصطلاح میں حکومت کرنے کے فن اور لوگوں کو فساد سے دور اور اصلاح کے قریب کرنے کو سیاست کہا جاتا ہے۔ ایک اور تعریف کے مطابق لوگوں کی اصلاح اور بہبود کیلئے بند رستوں کو کھولنا اور نئے رستے تلاش کرنے کو سیاست کہا جاتا ہے۔

یعنی سیاستدان وہ شخص ہوتا ہے جو حکومت اور اقتدار کے ذریعے خلق خدا کی بہبود اور اصلاح کیلئے ہمہ تن کوشاں رہتا ہے اور اس کیلئے بہترین ماحول اور سازگار فضا پیدا کرتا ہے۔

ہمارے ملک کا نام اسلامیہ جمہوریہ پاکستان ہے اس نام کی نسبت سے ہمیں سیاست بھی وہ کرنی چاہیے جو عین اسلام ہو یا پھر اسلام کے قریب ہو۔

اسلامی سیاست کے بانی آقائے دوجہاں خاتم النبیین نبی محترم جناب محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات بابرکات ہیں۔

جب ہم ان کی سیاست کا مطالعہ کرتے ہیں تو ان کے دو سیاسی ادوار سامنے آتے ہیں۔ تیرہ سالہ مکی دور اور دس سالہ مدنی دور،

مکی دور ابتلاء و مصائب کا دور ہے۔ جس میں روزانہ کی بنیاد پر نبی کریم اور ان کے ساتھی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔ ذہنی و جسمانی بدترین تشدد برداشت کرتے ہیں۔ حضرت بلال حبشی جیسے کمزور غلاموں کو گرم ریت کے اوپر لٹا کر تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

نبی مکرم اور ان کے پیروکاروں کو بھوک اور افلاس کی چکی میں پیس کر معیشت تنگ کر دی جاتی ہے۔ مکہ کے لوگ اکٹھے ہو کر نبی محترم اور ان کے خاندان کا بائیکاٹ کر کے ان کو شعب ابی طالب جیسی تنگ و تاریک گھاٹی میں رہنے پر مجبور کرتے ہیں مگر آقائے کریم دشنام طرازی نہیں کرتے گالیاں نہیں دیتے۔ بدترین مخالفوں کی عزت نفس کو مجروح نہیں کرتے۔ انتقامی سیاست کے بارے میں نہیں سوچتے بلکہ ہدایت کی دعا کرتے ہیں اور جب سرزمین مکہ پر حالات کی تنگی اپنی انتہاؤں کو چھونے لگتی ہے تو ساتھیوں کو سرزمین مدینہ کی طرف ہجرت کا حکم دیتے ہیں۔

آپ کی مدینہ تشریف آوری کے ساتھ ہی آپ کے مدنی سیاسی دور کا آغاز ہوتا ہے اور سرزمین مدینہ پر آپ کا پہلا سیاسی عمل لوگوں کو بھائی چارے کی لڑی میں پرونا تھا۔ سب سے پہلا کام مہاجرین اور انصار کے درمیان مواخات مدینہ کا قیام تھا۔

پھر اہلیان مدینہ کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے مدینہ میں آباد مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے ساتھ میثاق مدینہ کیا۔ اور پھر مدینہ پر جب بھی کوئی بیرونی قوت حملہ آور ہوئی تو آپ نے اس معاہدے پر سو فیصد عملدرآمد کو یقینی بنایا۔ نبی کریم ﷺ نے امن و جنگ میں اصول وضوابط میں کبھی لچک کا مظاہرہ نہیں کیا۔ آپ نے جنگ کو بھی اصول کی کسوٹی پر لڑا اور زمانہ امن میں بھی اصول وضوابط کا معیار برقرار رکھا۔ آپ نے ہمیشہ عہد کی پابندی کی۔ مشرکین مکہ کے ساتھ ہونے والے صلح حدیبیہ کے معاہدہ کی ناقابل عمل شقوں پر بھی جناب نبی کریم نے عمل کر کے بتایا کہ اسلامی سیاست کسی صورت بھی عہد شکنی کو قبول نہیں کرتی اور پھر فاتح کی حیثیت سے جب مکہ میں واپسی ہوتی ہے تو انتقام کی خو کے بجائے ''لاتثریب علیکم الیوم'' کہ کر عام معافی کا اعلان کر کے بدترین سیاسی مخالفین کے ساتھ برتاؤ کا سیاسی انداز بھی سمجھایا۔

نبی اکرم کی سیاسی زندگی ہمیں بتاتی ہے کہ اسلامی سیاست میں جھوٹ، عہد شکنی، تکبر، گالم گلوچ، دشنام طرازی، الزام تراشی، مخالفین پر کیچڑ اچھالنے، نفرت پھیلانے، قوم کو تقسیم کرنے اور سیاست کو دشمنی میں بدلنے کی سر مو گنجائش نہیں ہے۔

اسلامی سیاست کے تناظر میں جب ہم ملکی سیاست کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں اس میں ذاتی مفادات اور خود غرضی نظر آتی ہے۔ تکبر، خود پسندی اور انانیت نظر آتی ہے۔ نفرت اور تقسیم نظر آتی ہے، میری آج کی سیاست گالم گلوچ، بداخلاقی، بدتمیزی اور بدتہذیبی کے گرد گھومتی نظر آتی ہے۔ جھوٹ در جھوٹ اور فریب پر مبنی اس سیاست کاری کا اسلامی سیاست سے دور دور کا واسطہ دکھائی نہیں دیتا۔ سیاسی مخالفین کو انتقام کی چکی میں پیسنا میری آج کی سیاست کا طرہ امتیاز ہے۔

میری آج کی سیاست کی بے رحمی دیکھئے میرا سخت ترین مخالف میری کشتی میں سوار ہو جائے تو اس کی گالیاں بھی گلاب بن جاتی ہیں اور میرا سب سے قریبی مخالفانہ رائے کا اظہار کرے تو راندہ درگاہ ٹھہرتا ہے۔

سیاست کی بے رحم چکی چلتی ہے تو چوہدری شجاعت حسین جیسے بزرگ سیاستدان کی شہرت، عزت، مقام اور مرتبے کو روندتی چلی جاتی ہے۔ وہ چوہدری شجاعت حسین جس کی چوکھٹ پر ملک کی ہر بڑی سیاسی قوت کو سجدہ ریز ہوتے دیکھا۔

جس کو ہر سیاسی قوت کی جانب سے جہاندیدہ سیاستدان کہا گیا، جس کو جوڑ توڑ کا ماہر سمجھا جاتا تھا، جس کی وضع داری ضرب المثل بن گئی تھی۔ جو ہر ادارے، ہر مزاج اور ہر سیاسی قوت کیلئے قابل قبول تھا۔

آج سیاست کی بے رحمی نے اسی چوہدری شجاعت کو اپنوں کی محبتوں سے دور کر دیا۔ ساری زندگی اتفاق سے سیاست کرنے والے بھائیوں جیسے کزنز کی راہوں کو جدا کر ڈالا،

سیاست تو کیا واجبی تعلق بھی اس بے رحمی کی بھینٹ چڑھ گیا۔

وہ جو سارے سیاسی معاملات کا بلا شرکت غیرے مالک ہوا کرتا تھا آج اپنی جماعت پر اپنی رائے لاگو نہ کر سکا۔

بے رحم سیاست کی ستم ظریفی دیکھئے جو کل تک چوہدری شجاعت حسین کی دانشمندانہ صلاحیتوں کے گن گاتے تھے آج ان سے جان چھڑانے کی تگ و دو میں نظر آتے ہیں۔

میرے ملک میں سیاست کا کوئی اصول نہیں۔ باہمی احترام سے کوسوں دور اس سیاست کا اسلامی سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔

اب سیاست جھوٹ اور فریب کا نام ٹھہرا۔

اب گالی اور گولی سیاست کی شان بن گئیں۔

اب بے اصولی اور بے ضابطگی سیاست کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ اب سیاست مخالفت نہیں دشمنی میں بدل چکی۔ اب باہمی تعلقات کا معیار سیاسی خیالات اور پسند و ناپسند بن چکا۔ اب مخالف رائے کا احترام ناپید ہو چکا۔

اب گھروں میں ہی نہیں ذہنوں کے درمیان بھی قد آدم دیواریں بن چکیں۔

اب سیاست اصلاح کا نام نہیں بلکہ مکمل بگاڑ کا طریقہ بن گئی۔ اب سیاست میں لوگوں کو جوڑا نہیں جاتا توڑا جاتا ہے۔ اب محبتیں بانٹنے کا وقت گیا نفرتوں کی تقسیم عام ٹھہری۔

اب تو خالق کائنات کے حضور دعا ہی کی جا سکتی ہے آپ بھی میرے ساتھ دعا میں شامل ہوں تاکہ اللہ کریم ہمیں سیاست کی اس بے رحمی سے محفوظ رکھیں جس میں بھائی بھائی کا دشمن اور بیٹا باپ سے باغی ٹھہرا۔

اللہ رحم فرما میرے ملک پر، میرے ملک کی سیاست پر، لوگوں کے دل پھیر دے ایسے لوگوں سے جو نفرت کے سوداگر ہیں۔ اللہ سامنے لا ایسی قیادت جو سیاست کو اس کے اصل مقصد یعنی لوگوں کی اصلاح اور بہبود کی طرف پھیر دے۔

آمین یارب العالمین

شہید کربلا ریحانۃ الرسولؐ، شہنشاہ صلح و امن، نوجوانان جنت کے سردار

شہید کربلا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مظلومانہ شہادت

تحریر:۔ مولانا محمد طارق نعمان گڑنگی

ماہ محرم الحرام سے اسلامی سال کا آغاز ہوتا ہے اس ماہ میں ایک ایسا تاریخی اور انقلابی سانحہ پیش آیا کہ جو ہر سال اہل ایمان کو عظیم قربانیوں کا سبق دیتا ہے، کربلا کا درس یہ بھی یاد کراتا ہے کہ اصل زندگی خدا کی راہ میں اپنا سب کچھ قربان کر دینا ہے اور میدان کربلا میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور خانوادہ رسول کی قربانی کا یہ ہی پیغام ہے۔ حضرت سیدنا حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شہادت تاریخ انسانی کا ناقابل فراموش المیہ ہے۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت باسعادت

آپ کی ولادت باسعادت 5 شعبان المعظم 04ھ کو مدینہ طیبہ میں ہوئی۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے گوش مبارک میں اذان دی، منہ میں لعاب دہن ڈالا اور آپ کے لئے دعا فرمائی۔ پھر ساتویں روز آپ کا نام مبارک حسین رکھا اور عقیقہ کیا۔

نام: حسین، کنیت ابوعبداللہ، لقب مبارک سبط رسول اور ریحان رسول ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حسنین کریمین کے ناموں پر فخر حدیث مبارکہ میں ہے کہ حضرت ہارون نے اپنے بیٹوں کا نام شبر اور شبیر رکھا اور میں نے اپنے بیٹوں کا نام انہی کی طرز پر حسن اور حسین رکھا۔ (صواعق المحرقہ)

اسی لیے حسن وحسین کو شبر اور شبیر کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ سریانی زبان میں حسنین کریمین کے ناموں یعنی شبر وشبیر اور عربی زبان میں حسن وحسین دونوں کے معنی ایک ہی ہیں۔ (صواعق المحرقہ)

ایک حدیث مبارکہ میں ہے: حسن اور حسین جنتی ناموں میں سے دو نام ہیں۔ (صواعق المحرقہ)

ابن الاعرابی حضرت مفضل سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ رب العزت نے یہ نام مخفی رکھے یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے نواسوں کا نام حسن اور حسین رکھا۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے فضائل ومناقب

آپ کے فضائل میں بہت حدیثیں ملتی ہیں۔ ترمذی شریف کی حدیث ہے حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسین مجھ سے ہیں اور میں حسین سے ہوں۔

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسین کو اپنے انتہائی قریب فرمایا ہے گویا کہ حسین سے دوستی حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے دوستی ہے۔ حسین سے عداوت رکھنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے عداوت ودشمنی ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حسین سے محبت کی اس نے اللہ رب العزت سے محبت کی۔ (مشکوۃ شریف)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور فرمایا چھوٹا بچہ کہاں ہے؟

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود مبارک میں بیٹھ گئے اور اپنی انگلیاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی مبارک میں داخل کر دیں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ان کا بوسہ لیا اور فرمایا: اے اللہ! میں اس (حسین) سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما اور اس سے بھی جو اس سے محبت کرے۔ (نور الابصار)

شہید کربلا کے کارنامے

شہید کربلا حضرت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی عمر مبارک ابھی ساڑھے سات برس تھی کہ والدہ محترمہ خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا کا انتقال ہو گیا اور آپ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جیسے شفیق ترین نانا کے بعد حضرت فاطمہ جیسی شفیق ترین ماں کی ممتا اور سایہ سے محروم ہو گئے۔ لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ جیسے شفیق ترین باپ کی پدرانہ شفقت نے آپ کا غم غلط کر دیا اور آپ کی کامل تربیت فرمائی۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ قرآن کریم کے حافظ بن گئے۔ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور قرآن کریم کے معانی پر آپ کی خاصی نگاہ تھی۔ اطاعت الٰہی اور اتباع نبوی میں کامل تھے۔

تقوی، طہارت اور حق گوئی و بے باکی اور جہاد آپ کا شعار تھا۔ دور صدیقی اور عہد فاروقی میں آپ نو عمر تھے۔ البتہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں آپ اچھے جوان اور سپاہی تھے۔ چنانچہ فتح طبرستان کے لشکر میں جو حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں گیا تھا، آپ سرفروشانہ شریک تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مکان کو جب باغیوں نے گھیر لیا تھا تو ان کی حفاظت کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ کو مقرر کیا تھا۔ لیکن باغی کسی دوسری جانب سے مکان میں داخل ہو گئے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حفاظت کے لیے دروازے پر پہرہ دیتے رہے، باغیوں کے اندر داخل ہونے کا انہیں پتہ نہیں چل سکا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر سن کر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں آئے تو انہوں نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اس بات پر ڈانٹا۔ مگر باغی ایسے راستے سے اندر داخل ہوئے تھے، جس کا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو علم نہیں تھا۔

دور حیدری میں آپ برابر اپنے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دست وبازو رہے۔ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی شہادت (40ھ) کے بعد اپنے بڑے بھائی حضرت حسن کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں میں آپ آگے آگے تھے، لیکن جب چھ ماہ بعد وہ حضرت امیر معاویہ کے حق میں دست بردار ہو گئے تو حضرت حسین نے بھی اپنے بڑے کے احترام میں ان کا ساتھ دیا۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے جب تمام مسلمانوں کے وظیفے مقرر کیے تو حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا وظیفہ پانچ ہزار درہم سالانہ مقرر فرمایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں یہ وظیفہ آپ کو برابر ملتا رہا۔ یہ وظیفہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دور میں دس لاکھ درہم تک بڑھا دیا، جو حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو برابر ملتا رہا۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں خلافت سے دستبردار ہو گئے تو اس طرح مسلمان ایک بار پھر متحد ہو گئے اور وہ تلوار جو اعلائے کلمۃ الحق کے لیے وقف تھی اور بدقسمتی سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت سے اس کا رخ خود مسلمانوں کی طرف ہو گیا تھا اور پورے دور حیدری میں مسلمان اپنا ہی خون بہانے میں مصروف رہے تھے، وہ تلوار پھر جہاد، اعلائے کلمۃ الحق اور اتحاد ملت کیلئے وقف ہو گئی۔ یہ حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔ مسلمانوں کے اس باہمی اتفاق واتحاد کے بعد اسلام کی اشاعت جو مسلمانوں کی باہمی چپقلش کی وجہ سے موقوف ہو گئی تھی، ایک بار پھر شروع ہو گئی اور مسلمان یکسو ہو کر اشاعت اسلام اور جہاد کے مشن پر گامزن ہو گئے۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے علم وفضیلت، تقوی وطہارت کے باوجود سیاست میں حصہ لیا، بلکہ میدان کربلا میں اپنی جان دے کر اسے صحیح رخ پر لانے کی کوشش فرمائی۔ اس طرح آپ نے دین کے صحیح تصور کو قائم اور باقی رکھنے، زندہ اور تازہ کرنے کی کوشش کی۔ یہ آپ کا عظیم کارنامہ ہے۔ آپ کا ایک کارنامہ یہ بھی ہے کہ سیاسی پہلو میں شورائیت اور انتخابات کے بجائے جو نامزدگی اور ولی عہدی کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا، اس کے خلاف آواز اٹھا کر اور تحریک چلا کر، بلکہ اپنی اور اپنے خاندان کی قربانی دیکر یہ ثابت کر دیا کہ دین کے کسی پہلو میں بھی بدعت سر اٹھائے تو اسے کسی حال میں برداشت نہیں کرنا چاہیے۔

ایک کارنامہ آپ کا یہ ہے کہ اگرچہ رخصت کی راہ کھلی ہوئی تھی، مگر آپ نے عزیمت کی راہ اختیار کر کے رہتی دنیا تک کے مسلمانوں کیلئے سنگ میل قائم کیا کہ اسلامی خلافت باقی رکھنے کیلئے اور اسے ملوکیت کی راہ پر جانے سے روکنے کیلئے عزیمت کی راہ اپنانا چاہیے اور اپنا خون دیکر اسے صحیح صورت پر لانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

مسند خلافت اور بیعت

رجب 60 ہجری میں حضرت امیر معاویہ کے انتقال کے بعد ان کا بیٹا، یزید مسند خلافت پر براجمان ہوا، تو فسق و فجور، ظلم وجبر، ناانصافی و عہد شکنی کے دور کا آغاز ہو گیا۔ نیز، یزید نے خود اور اپنے کارندوں کے ذریعے عالم اسلام سے بزور جبر اپنے حق میں بیعت لینا شروع کر دی۔ اس وقت مدینہ منورہ میں یزید کا چچازاد بھائی، ولید بن عقبہ گورنر تھا۔

یزید نے اسے ایک مختصر سا حکم نامہ ارسال کیا، جس میں تحریر تھا کہ حسین ابن علی، عبداللہ ابن عمر اور عبداللہ ابن زبیر کو بیعت اور اطاعت پر مجبور کیا جائے اور اگر وہ نہ مانیں، تو ان کے ساتھ پوری سختی کی جائے، یہاں تک کہ تینوں بیعت کر لیں۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو یہ اطلاع ملی، تو آپ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے۔ ادھر اہل کوفہ تواتر کے ساتھ خطوط اور وفود کے ذریعے یہ اصرار کرتے رہے کہ آپ کوفہ آجائیں تاکہ اہل کوفہ آپ کے ہاتھ پر بیعت کر سکیں۔

حضرت مسلم بن عقیل کی شہادت

کوفے والوں کے بے انتہا اصرار اور لاتعداد خطوط کے جواب میں آپ نے پہلے اپنے چچازاد بھائی، حضرت مسلم بن عقیل کو کوفہ بھیجا تاکہ وہاں کے حالات کا صحیح اندازہ کر کے اطلاع دیں۔ حضرت مسلم بن عقیل نے کوفہ پہنچ کر عوسجہ نامی ایک شخص کے گھر قیام کیا اور لوگوں سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے لیے بیعت لینی شروع کر دی۔ جلد ہی بارہ ہزار لوگوں نے خفیہ طور پر بیعت کر لی، جس پر انہوں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو خط لکھ کر جلد کوفہ پہنچنے کی گزارش کی۔

حضرت حسین نے خط ملتے ہی کوفہ جانے کی تیاری شروع کر دی۔ ادھر کوفہ کے نئے گورنر، عبیداللہ بن زیاد کو حضرت مسلم بن عقیل اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی بیعت کے بارے میں مخبری ہو گئی، چنانچہ چند سازشی عناصر کے ذریعے حضرت مسلم بن عقیل کو ہانی بن عروہ کے مکان سے گرفتار کر کے شہید کر دیا گیا اور اہل کوفہ بزدلی، خوف اور بے بسی کی تصویر بنے، شہادت کا یہ روح فرسا منظر دیکھتے رہے۔ شہید کربلا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی کوفہ روانگی 3 ذی الحجہ 60 ہجری بروز دوشنبہ، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اپنے اہل وعیال اور خاندان کے ہمراہ کوفہ کی جانب روانہ ہوئے اور یہ وہی دن تھا کہ جب حضرت مسلم بن عقیل کو ابن زیاد نے بے دردی سے شہید کر دیا تھا۔ اہل مدینہ اور صحابہ کرام نے آپ کو روکنے کی کوشش کی۔ اہل کوفہ کی بے وفائیاں اور شہادت علی المرتضی رضی اللہ عنہ یاد دلائی، مگر آپ نے فرمایا میں نے اپنے نانا کو خواب میں دیکھا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تاکید کے ساتھ اس کام کو کرنے کا حکم دیا ہے۔ اب یہ کام ضرور کروں گا، خواہ مجھے نقصان ہو یا فائدہ۔ لوگوں نے آپ سے خواب کی تفصیل جاننی چاہی، تو آپ نے فرمایا میں نے یہ خواب کسی کو نہیں بتایا اور نہ بتاؤں گا۔ یہاں تک کہ اپنے پروردگار سے جا ملوں گا (ابن اثیر، البدایہ والنہایہ)

ابھی آپ کوفہ کے راستے میں قادسیہ سے تین میل کے فاصلے پر تھے کہ حر بن یزید تمیمی سے سامنا ہوا، جو ایک ہزار افواج کے ساتھ آپ ہی کی تلاش میں تھا۔ یہ بھی ان لوگوں میں شامل تھا کہ جنہوں نے کوفہ آنے پر اصرار کیا تھا، لیکن اب یزید کے ساتھ تھا۔ وہ آپ سے ملا اور حضرت مسلم کی شہادت سمیت پوری روداد سناتے ہوئے واپس جانے کا مشورہ دیا، لیکن حضرت مسلم کی شہادت کی خبر سن کر ان کے بھائیوں نے کوفہ جانے پر اصرار کیا، چنانچہ آپ نے سفر جاری رکھا۔ راستے میں کوفہ سے آنے والے لوگوں نے آگے نہ جانے کا مشورہ دیتے ہوئے بتایا کہ اہل کوفہ کے دل تو آپ کے ساتھ ہیں، لیکن تلواریں یزید کے ساتھ ہیں۔

کربلا میں قیام اور شرائط امام

2 محرم 61 ہجری کو ایک مقام پر آپ نے قافلے کو روک کر اس جگہ کا نام دریافت کیا۔ بتایا گیا کہ اس جگہ کو کربلا کہتے ہیں۔ آپ نے آب دیدہ ہو کر فرمایا کہ یہی جگہ ہماری مقتل گاہ ہے۔ چنانچہ وہاں خیمے نصب کر دیے گئے، لیکن ابن زیاد کے حکم پر وہاں سے خیمے ہٹا دیے گئے اور دریائے فرات سے تین میل کی دوری پر صحرا میں لگا دیے گئے کہ جہاں دور دور تک پانی کا نام ونشان نہ تھا۔

کربلا میں عمرو بن سعد 4 ہزار فوجیوں کے ساتھ آپ کے محاصرے پر مامور تھا۔ اس وقت آپ کے خیموں میں معصوم شیر خوار بچوں، بیمار زین العابدین اور خواتین سمیت 72 نفوس قدسیہ ذکر الٰہی میں مصروف تھے۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے عمرو بن سعد کے سامنے تین شرائط رکھیں

(1) مجھے واپس مکہ یا مدینہ جانے دیا جائے۔

(2) کسی سرحدی مقام کی جانب نکل جانے دیا جائے۔

(3) یزید کے پاس دمشق جانے دیا جائے تاکہ اپنے معاملات طے کر لوں۔

عمرو بن سعد نے شرائط ابن زیاد کو لکھ بھیجیں، لیکن اس نے یہ تینوں شرائط قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے حکم جاری کیا کہ حسین بن علی رضی اللہ عنہ کو فوراً گرفتار کیا جائے یا پھر جنگ کر کے ان کا سر کاٹ کر بھیج دو۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ایک سفاک شخص، شمر ذی الجوشن کو نیا سالار بنا کر بھیج دیا۔

یوم عاشور اور خطاب امام حسین رضی اللہ عنہ

سیدنا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ خیمے کے دروازے سے ٹیک لگائے بیٹھے ہیں۔ ہلکی سی اونگھ آجاتی ہے۔ بیدار ہوتے ہیں، تو حسین چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح منور ہے۔ ہلکی سی مسکراہٹ نے فضا میں پھول بکھیر دیے ہیں۔ رفقا سے فرماتے ہیں کہ مجھے میرے نانا جان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں آئے تھے۔ فرمایا کہ حسین! اب ہم سے ملنے کی تیاری کر لو۔

راہ حق کے متوالوں کی پوری رات عبادت میں گزری۔ صبح آپ نے یزیدی فوج کے سامنے ایک پرجوش اور ولولہ انگیز تقریر کی۔

فرمایا: اے لوگو! تم جانتے ہو کہ میں رسول اللہ کا نواسہ، حیدر کرار کا نور نظر اور خاتون جنت کا لخت جگر ہوں۔ تم واقف ہو کہ رسول اللہ نے ہم دونوں بھائیوں کو جنت کے نوجوانوں کا سردار بتایا ہے۔ تم سب نے مجھے خط لکھ کر بلایا، اب تم اپنے وعدوں سے پھر چکے ہو۔ میں ابھی بھی چاہتا ہوں کہ تم مجھ سے جنگ نہ کرو اور مجھے اپنے رفقا سمیت مکہ یا مدینہ واپس جانے دو۔ اس تقریر سے متاثر ہو کر حر بن یزید تمیمی نے اپنا گھوڑا آگے بڑھایا اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ شمر ذی الجوشن نے جب یہ منظر دیکھا، تو اسے فکر ہوئی کہ فوج میں بغاوت نہ ہو جائے، اس نے عمرو بن سعد سے کہا کہ اب دیر نہ کرو۔

عمرو نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی جانب پہلا تیر پھینک کر سانحہ کرب وبلا کا آغاز کیا۔ لشکر حسینی سے سب سے پہلے آپ کے ساتھیوں، بریر ہمدانی، عابس شاکری، نافع بن ہلال، حبیب بن مظاہر اور دیگر نے میدان جنگ میں داد شجاعت دیتے ہوئے جام شہادت نوش کی۔ اب اقربا کی باری ہے۔ عون، محمد، جعفر، قاسم، علی وعبداللہ غرض ایک ایک کر کے سب آتے رہے اور جنت کو سدھارتے رہے۔

شہادت امام عالی مقام

آخر میں لخت جگر، علی اکبر ہاتھ میں تلوار پکڑے آگے بڑھے۔ والد محترم کو مسکراتی نگاہوں سے الوداعی سلام کیا اور دلیری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ خیموں سے رونے کی آوازیں بلند ہوئیں، تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے جا کر فرمایا تمہارے رونے کی آوازوں سے یزید کے فوجی خوش ہوتے ہیں۔ سامنے ہی چھ ماہ کے علی اصغر لیٹے تھے، گود میں اٹھایا اور باہر آ کر کہا دیکھو! یہ معصوم تین دن سے پیاسا ہے ابھی الفاظ بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ ایک تیر آیا اور شیر خوار شہزادے نے باپ کے ہاتھوں میں دم توڑ دیا۔ اب حضرت حسین رضی اللہ عنہ تنہا رہ گئے تھے۔

لشکر یزیدی نے چاروں جانب سے گھیر لیا تھا۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے آسمان کی جانب دیکھا، شمشیر حیدری کو داہنے ہاتھ میں پکڑا اور نعرہ تکبیر بلند کرتے دشمنوں پر ٹوٹ پڑے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا:

نہ یزید کا وہ ستم رہا نہ ظلم ابن زیاد کا
جو رہا تو نام حسین کا جسے زندہ رکھتی ہے کربلا

شمشیر حسینی خوف زدہ فوجیوں کے سر قلم کرتی میدان جنگ میں چاروں جانب چل رہی تھی کہ اچانک کہیں دور سے اذان کی آواز آئی۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے ہاتھ روک لیا اور باآواز بلند نماز پڑھنے کی مہلت مانگی اور یہی وہ لمحہ تھا کہ جب شمر کے جوش دلانے پر مالک کندی نے دوش نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے شہ سوار پر ایسا کاری وار کیا کہ تلوار کلاہ مبارک کو کاٹتی ہوئی کاسہ سر تک پہنچ گئی۔ خون کا فوارہ پھوٹ پڑا اور سارا بدن خون کے چھینٹوں سے لالہ احمر ہو گیا۔ آپ نے زخمی سر مبارک پر دوسرا عمامہ باندھا۔ جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا تھا، ہزاروں کے حصار میں اکیلے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے جسم اطہر پر زخموں کے نشانات بڑھتے جا رہے تھے۔ زخموں کی شدت نے آپ کو نڈھال کر دیا تھا، لیکن اس کے باوجود کسی میں اتنی ہمت نہ تھی کہ شجاعت وبہادری کے اس کوہ گراں کو شہید کر سکے۔

آخر شمر ملعون نے دھاڑ کر کہا آگے بڑھو اور شہید کر دو۔ یہ سنتے ہی آپ پر تیروں کی بوچھاڑ ہو گئی۔ ایک تیر گردن پر پیوست ہو گیا، جسے آپ نے اپنے ہاتھوں سے کھینچ کر نکالا۔ زرعہ بن شریک تمیمی نے زخموں سے چور، فاطمہ کے لال پر وار کیا۔ بایاں بازو کٹ کر دور جا گرا، عین اسی حالت میں سنان بن انس نے نیزہ مارا۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ مقام زمین پر گر گئے۔

خولی بن یزید سر قلم کرنے آگے بڑھا، لیکن ہاتھ کانپ گئے، پیچھے ہٹ گیا۔ سنگ دل اور شقی القلب، سنان بن انس نے سر مبارک کو جسم اطہر سے جدا کر دیا۔ ابن زیاد کے حکم پر ان وحشی فوجیوں نے جسم اطہر کو گھوڑوں کی ٹاپوں سے پامال کیا۔

مولانا محمد علی جوہر نے کہا

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

۔ علامہ ابن جوزی نے تذکرۃ الخواص میں لکھا ہے کہ آپ کے جسم اطہر پر 33 زخم نیزوں کے 43 تلواروں کے تھے اور آپ کے پیراہن شریف پر 121 سوراخ تیروں کے تھے۔ یہ تمام زخم، جسم مبارک کے اگلے حصے میں تھے، پشت مبارک کی جانب کوئی زخم نہ تھا (جامع التواریخ)

مرد حق باطل سے ہرگز خوف کھا سکتا نہیں
سر کٹا سکتا ہے لیکن سر جھکا سکتا نہیں

بالآخر نواسہ رسول، جگر گوشہ بتول، ریحانہ رسول حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میدان کربلا میں جام شہادت نوش پا گئے (اناللہ وانا الیہ راجعون)

International

Sri Lanka faces 'great danger' as crisis drags

COLOMBO - Sri Lanka faces a "great danger" with fuel shortages sparked by its unprecedented economic crisis set to continue at least till the year's end, President Ranil Wickremesinghe warned Wednesday.The 73-year-old, who was propelled to power last month after his predecessor Gotabaya Rajapaksa was forced to flee the country and resign after months of protests, said the financial meltdown had turned into a serious political crisis. "Today we are facing an unprecedented situation that our country had never faced in recent history," he said while opening a new session of parliament. "We are in great danger." Tens of thousands of people overran Rajapaksa's official residence last month over acute shortages of food, fuel and medicines endured by Sri Lanka's 22 million people since late last year.

Burkina army says civilians killed in air raid

OUAGADOUGOU - Burkina Faso's army said on Wednesday that civilians had been killed in an air strike against jihadists, as local inhabitants reported around 30 people had died. In a statement, army headquarters said "targeted actions" were carried out in the east on Monday against "terrorist groups responsible for several atrocities". "During these operations, which enabled several dozen terrorists to be neutralised, the strikes unfortunately caused collateral victims among the civilian population," it said. The civilians were close to a jihadist hideout on the Kompienga-Pognoa highway when they were hit by "projectiles", the text said. It gave no other details, but expressed "sincere condolences" to relatives of the dead and said an inquiry had been launched. Local residents said around 30 people had died, most of whom were women. "They had gathered for the inauguration of a mill when the tragedy happened," said one, speaking on condition of anonymity. Monday's operations were undertaken at Djamanga, Djabiga, Mandeni, Bounou, Obiagou and Pognoa-Sankoado, the army statement said. The military typically use the term "terrorist" for armed groups behind a ruthless jihadist insurgency. One of the poorest countries in the world, Burkina Faso first came under attack.

Iran ratifies Belgium prisoner swap treaty

TEHRAN - Iranian lawmakers voted Wednesday to ratify a prisoner exchange treaty with Belgium, where the deal has been criticised for potentially enabling an Iranian diplomat jailed on terrorism charges to return home. Iran's parliament approved the treaty by 195 votes to two, its Icana news agency reported. Two weeks ago, the Belgian parliament passed it by the much narrower margin of 79 votes to 41. The Belgian opposition alleged the treaty was "tailor made" to permit the release of Assadollah Assadi, the diplomat sentenced last year to 20 years in prison for orchestrating a foiled 2018 bomb plot targeting a meeting outside Paris of Iran's exiled opposition. The Belgian government said the deal was the only way to free aid worker Olivier Vandecasteele who was detained in Iran in February. But critics of the treaty, who also include Iran's vocal exiled opposition, argue that Belgium is backing down in the face of what is in effect hostage-taking by Tehran. The Assadi case sparked a furious reaction in Iran The Antwerp court ruled that he had masterminded the bomb plot, under diplomatic cover as an envoy to Austria -- and thus had no immunity in Belgium. Tehran has demanded that Belgium recognise Assadi's diplomatic status and release him.

Sri Lanka to restart IMF bailout talks, president calls for unity government

COLOMBO: Sri Lanka will restart bailout talks with the International Monetary Fund (IMF) in August, its new president said on Wednesday, while calling on lawmakers to form an all-party government to resolve a crippling economic crisis. In a speech in parliament, President Ranil Wickremesinghe said that constitutional amendments were required to curtail presidential powers — indicating he would meet a key demand of protesters who forced out his predecessor, Gotabaya Rajapaksa. "The president of a country does not have to be a king or a god who is exalted above the people. He or she is one of the citizens," Wickremesinghe said. The island nation of 22 million people is facing its worst financial crisis since independence from Britain in 1948 with its foreign exchange reserves at record lows, and the economy battered by the COVID-19 pandemic and a steep fall in government revenue. Angered by persistent shortages of essentials, including fuel and medicines, and skyrocketing inflation of over 60% year on year, hundreds of thousands of people took to the streets in early July, forcing Rajapaksa to first flee the country and then quit office. Wickremesinghe, who was then prime minister, took over as acting president and was later confirmed in the job by parliament. Discussions with the IMF for a four-year programme that could provide up to $3 billion would resume in August, Wickremesinghe told lawmakers in his first major address to parliament since taking over.

Iran says sending team to resume nuclear talks in Vienna

TEHRAN: Iran said Wednesday it was sending a delegation to Vienna to resume talks to revive the frayed 2015 agreement on its nuclear programme that have been halted since March. "As part of the policy of lifting cruel sanctions against our country, Iran's negotiating team led by Ali Bagheri, the Islamic republic's chief negotiator, will leave for Vienna in a few hours," foreign ministry spokesman Nasser Kanani said in a statement. Negotiations in Vienna began in April 2021 to restore the deal, but have stalled for the past five months amid differences between Tehran and Washington on several issues. The two sides have negotiated indirectly through the European Union coordinator in a bid to bring the US back into the deal and to lift sanctions on Iran, on the basis that Tehran would return to its nuclear commitments. Qatar hosted indirect talks at the end of June between the United States and Iran in a bid to get the Vienna process back on track, but those discussions broke up after two days without any breakthrough. Last week, the EU foreign policy chief and coordinator of the nuclear talks between Iran and world powers, Josep Borrell, submitted a new draft text and urged all sides to accept it or "risk a dangerous nuclear crisis". Iran says sending team to resume nuclear talks in Vienna.



Taiwan expects increased 'psychological warfare' attacks after Pelosi visit

EIJING: Taiwan expects to be the target of increased "psychological warfare" in coming days, a government official said on Wednesday, referring to misinformation campaigns meant to sway public opinion. The official was speaking at a media briefing following a visit by U.S. House Speaker Nancy Pelosi that angered Beijing. government official said on Wednesday, referring to misinformation campaigns meant to sway public opinion. The official was speaking at a media briefing following a visit by U.S. House Speaker Nancy Pelosi that angered Beijing.The official was speaking at a media briefing following a visit by U.S. House Speaker Nancy Pelosi that angered Beijing.

Crisis in Iraq tests its stability and Iran's sway

BAGHDAD: A power struggle in Iraq between the Shi'ite cleric Moqtada al-Sadr and rivals aligned with Iran is testing Tehran's ability to stave off a conflict that could damage its interests and further destabilise the oil-rich country. With Sadr supporters camped out in parliament and his opponents protesting in the streets, the tussle over a new government has put fresh strain on a political system that has been buffeted by crises since U.S.-led forces toppled dictator Saddam Hussein two decades ago. It adds another destabilising factor to a belt of fragile Arab states between Iran and the Mediterranean - Iraq, Syria and Lebanon - all of which fall within Iran's sphere of influence and have suffered major conflict or crisis over the last decade, including the battle with Islamic State. For Iraq, where the power balance tilted Iran's way after the U.S. invasion of 2003, the tussle adds to divisions in a country also beset by rivalries among Sunni Arab and Kurdish groups who control the north.

عوامی اشتہارات

"مناقب" ایک معیاری اور منفرد قومی اخبار ہے جو گھروں اور کاروباری حلقوں کے علاوہ سوشل میڈیا پر بھی یکساں مقبول ہے اور دلچسپی سے پڑھا جاتا ہے اس کالم میں شائع ہونے والا ہر اشتہار روزانہ لاکھوں افراد کی نظروں سے گزرتا ہے، جو آپ کے کاروبار کی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے۔

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی بھی اشتہار کے غیر تصدیقی، یا مصنوعات کے غیر معیاری ہونے پر ادارہ مناقب ذمہ دار نہ ہوگا۔

اشتہارات کم از کم تین سطر پر مشتمل ہونا چاہیے۔ ایک سطر میں تقریباً نو الفاظ ہوسکتے ہیں

فی سطر 50روپے ہوگی

بکنگ کے لئے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں
+923138608035
manaqib@fmurdu.com

بقیہ 1

کو جاری کردہ سرکلر نمبر 10 کی ہدایات پر عمل کریں۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک قرضوں کے تمام کیسز کے حوالے سے بینکوں کی کڑی نگرانی کرے گا۔ ترجمان کے مطابق قرض کیلئے درخواست گذار کسی بھی قسم کی مشکلات پر اسٹیٹ بینک کو براہ راست شکایت کرسکتے ہیں۔ خیال رہے کہ اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال تک بینکوں کو 514 ارب روپے قرضے کے لیے درخواستیں وصول ہوئیں جن میں سے 236 ارب روپے کی درخواستیں منظور کی گئیں اور تقریباً سوا ارب روپے کا قرضہ جاری کیا گیا۔

بقیہ 2

دفعات شامل کی گئیں۔ عدالت نے پولیس کی جسمانی ریمانڈ کی استدعا بھی مسترد کردی تھی۔ استدعا ہے عدالت بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست منظور کرے۔ عدالت نے پراسیکیوشن سمیت دیگر کو نوٹس جاری کرکے سماعت آج (جمعرات) تک ملتوی کردی

بقیہ 3

شدید ناراضی کا اظہار کیا ہے، الیکشن کمیشن کیسے لکھ کر دے سکتا ہے کہ باقی کارروائی حکومت خود کرے۔ انہوں نے کہا کہ کرپٹ اتحادی ٹولے کا اقتدار سکڑ کر وفاقی دارالحکومت کے 12 کلو میٹر کی حدود تک رہ گیا ہے اور اسی وجہ سے یہ تلملا رہا ہے، آپ کی حکومتیں اور سیاست اسی طرح سکڑتی رہے گی اور ان شا اللہ آئندہ عام انتخابات تک اس ٹولے کی سیاست اپنے گھروں تک محدود ہوجائے گی۔

بقیہ 4

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 806 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، زیر علاج 160 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، ملک بھر میں اب تک 30 ہزار 499 کورونا وائرس کے مریض انتقال کر چکے ہیں، اس کے کل مریضوں کی تعداد 15 لاکھ 56 ہزار 445 ہو چکی ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 20 ہزار 949 ٹیسٹ کیے گئے۔ این سی او سی کے مطابق ملک میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سب سے زیادہ مثبت کورونا کیسز کی شرح ایبٹ آباد میں 21 اعشاریہ 74 فیصد ریکارڈ ہوئی ہے۔ مثبت کورونا کیسز کی شرح مظفر آباد میں 19 اعشاریہ 23 فیصد، صوابی میں 14 اعشاریہ 29 فیصد، بہاولپور میں 12 اعشاریہ 50 فیصد، لاہور میں 10 اعشاریہ 41 فیصد، مردان میں 9 اعشاریہ 72 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اسی دوران مثبت کورونا کیسز کی شرح گلگت میں 4 اعشاریہ 30 فیصد، میرپور آزاد کشمیر میں 4 اعشاریہ 11 فیصد، فیصل آباد میں 3 اعشاریہ 81 فیصد، پشاور میں 3 اعشاریہ 45 فیصد، کراچی میں 2 اعشاریہ 19 فیصد ریکارڈ ہوئی ہے۔

بقیہ 5

نااہل ہوئے اسی معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے لاڈلے کو بھی سزا دی جائے، آج خوشی کا نہیں بلکہ نظام انصاف کیلئے ماتم کا دن ہے کہ آٹھ سال تک انصاف کا نظام کہاں سویا رہا، فارن فنڈنگ کیس فیصلے کی روشنی میں 2013 اور 2018 کے الیکشن پر سوال اٹھ چکے ہیں ممنوعہ فنڈنگ سے پاکستان میں انتشار، دھرنوں اور سی پیک کو روکنے کی سازش کی گئی، عوامی مقبولیت ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ کوئی قانون کو پاؤں تلے روند کر من مانی کرے، وقت آگیا سب کے ساتھ برابر کا سلوک کیا جائے۔ وہ فیصل آباد میں این این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے پر کہوں گا کہ یہ خوشی کا دن نہیں بلکہ ماتم کا دن ہے

بقیہ 6

سی کی قیمت میں 7 ہزار روپے، 110 سی سی کی قیمت میں 10 ہزار روپے، 150 سی سی کی قیمت میں 15 ہزار روپے، لیو 200 سی سی اور سلطان 250 سی سی کی قیمت میں 20 ہزار روپے کا اضافہ کردیا، این بے آٹوز کی نئی قیمتوں کا اطلاق بھی 5 اگست سے ہوگا۔

بقیہ 7

پابندی کا فیصلہ شہریوں کی حفاظت اور ڈوبنے کے واقعات کی روک تھام باعث کیا گیا ہے، سمندر میں نہانے، غوطہ خوری، تیراکی اور کشتی رانی پر پابندی ہوگی۔ کمشنر کراچی محمد اقبال میمن نے کہا کہ شدید بارشوں اور سمندر میں بلند لہروں کے باعث پابندی لگائی گئی ہے تاکہ شہریوں کی جان کی حفاظت یقینی بنائی جاسکے۔ حکام نے پولیس کو ہدایت کی ہے کہ خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ واضح رہے کہ دفعہ 144 کا نفاذ کراچی کے تمام ساحلی مقامات سمیت شہر کی حدود سمیت حب نہر پر بھی ہوگا۔ قبل ازیں گزشتہ دنوں ہاکس بے کے سمندر میں نہاتے ہوئے 6 افراد ڈوب گئے تھے

بقیہ 8

اعتراض مواد برآمد کرلیا گیا، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا۔

بقیہ 9

موبائل میں اغوا کرکے تشدد کا نشانہ بنایا اور ایم پی اے عبدالرشید کو قتل کرنے کی دھمکیاں دیں۔ اغواء کار تشدد کرنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کے بعد لیاری ایکسپریس وے پر پھینک کر چلے گئے۔ اغوا کرنے والوں نے خود کا محکمہ پولیس سے تعلق ظاہر کیا۔ جماعت اسلامی ذرائع کے مطابق ایم پی اے سید عبدالرشید کا ساتھ چھوڑنے اور ان کے خلاف ویڈیو بیان ریکارڈ کروانے کی کوشش کی انکار پر تشدد کیا گیا۔ سید عبدالرشید نے اس حوالے سے کہا کہ وزیر اعلی سندھ، آئی جی سندھ، ڈی جی رینجرز سندھ ان واقعات کا نوٹس لیں، انکوائری کرکے ذمے دار افراد کو سامنے لائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی الیکشن میں شکست سے خوفزدہ عناصر کی اوچھی حرکتوں سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔ دوسری جانب اے ایس پی لیاری عاطف امیر نے کہا کہ واقعے کی تصدیق کرائی گئی معاملہ مشکوک ہے۔ ایسا کوئی واقعہ رونما نہیں ہوا اس حوالے رپورٹ بھی درج نہیں کرائی گئی۔ اے ایس پی کے مطابق ہارون نامی شخص لیاری میں حالیہ دنوں میں ہنگامہ آرائی میں پولیس کو دو سے تین مقدمات میں مطلوب ہے۔ واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی۔

بقیہ 10

کو جاری کردہ سرکلر نمبر 10 کی ہدایات پر عمل کریں۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک قرضوں کے تمام کیسز کے حوالے سے بینکوں کی کڑی نگرانی کرے گا۔ ترجمان کے مطابق قرض کیلئے درخواست گذار کسی بھی قسم کی مشکلات پر اسٹیٹ بینک کو براہ راست شکایت کرسکتے ہیں۔ خیال رہے کہ اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال تک بینکوں کو 514 ارب روپے قرضے کے لیے درخواستیں وصول ہوئیں جن میں سے 236 ارب روپے کی درخواستیں منظور کی گئیں اور تقریباً سوا ارب روپے کا قرضہ جاری کیا گیا۔

بقیہ 11

پر 3 سو روپے سے بڑھا کر 4 ہزار اور 8 ہزار روپے ٹیکس عائد کردیا گیا جبکہ دیگر ٹیکسز اس کے علاوہ ہیں۔ ٹرانسپورٹ انڈسٹری سے ہزاروں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے لیکن ہمارے اوپر مسلسل بوجھ بڑھایا جارہا ہے جس سے کاروبار چلانا محال ہوگیا ہے۔ جب تک مطالبات تسلیم نہیں کئے جائیں گے ٹرانسپورٹ کو کھڑا رکھیں گے اور داخلی اور خارجی راستوں کی بھی بندش کر دی جائے گی۔ دوسری جانب مسافروں نے ٹرینوں کا رخ کرلیا ہے تاہم مسافر ٹرینوں کی آمدورفت میں کئی کئی گھنٹے تاخیر ہورہی ہے جس کی وجہ سے مسافروں کی مشکلات کم نہیں ہونگی۔

بقیہ 12

ٹی آئی کے چیئرمین کے عہدے پر رہنے کا بھی جواز کھو چکے ہیں اس لئے جو شخص صادق امین نہ ہو وہ کسی پارٹی کا چیئرمین نہیں بن سکتا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے عمران خان کو سرٹیفائیڈ چور ڈکلیئر کردیا ہے۔ عمران خان الیکشن کمیشن کے فیصلہ سے اپنے منطقی انجام کو پہنچے اور کرپٹ ثابت ہوئے۔

بقیہ 13

کے بعد اس ٹیکس کا جواز باقی نہیں رہتا اس لیے اسے ختم کیا جائے۔ جنرل سیکرٹری رانا ریاض نے کہا کہ دوکانوں میں پنکھے اور گرمیوں میں کولر اور روشنی کیلئے بلب کے استعمال سے 150 یونٹ سے زائد بل آتا ہے اس لیے لسٹ مقرر کرنے کی بجائے یہ ناجائز ٹیکس یکسر ختم کیا جائے۔ کیونکہ دوکانوں پر فروخت کرنے والی اشیاء پر حکومت پہلے ہی ٹیکسز عائد کردیتی ہے۔ دوہرا ٹیکس ناقابل قبول اور کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ ہے۔

بقیہ 14

ی۔ سندھ کے بعد پنجاب میں بھی لمپی سکن کی بیماری بڑی تیزی سے پھیل رہی ہے، بچاؤ کے لئے موثر عملی اقدام اٹھائے جائیں۔ بجلی کے بلوں میں ٹیکسوں کی بھرمار کرکے غریب عوام کا خون نچوڑا جارہا ہے۔ ان ناجائز ٹیکسوں کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ ہمارا نعمتوں سے مالا مال ملک پوری دنیا کا مقروض ہوچکا ہے۔ لیکن ہمارے صدر، وزیر اعظم و دیگر وزیر مشیر، اراکین پارلیمنٹ، اراکین اسمبلی اور افسر شاہی ایسی ایسی سہولتیں مفت حاصل کررہے ہیں جو ترقی یافتہ ممالک کے صدر اور وزیر اعظم کو بھی میسر نہیں۔ حکمران اپنی عیاشیاں پوری کرنے کے لئے مہنگے سے مہنگے شرح سود پر بھی آئی ایم ایف سے قرض حاصل کررہے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں یہ قرض ان لوگوں نے نہیں اتارنا۔ اسے اتارنے کے لئے صرف عام آدمی کی جیبیں خالی کرنی ہیں، اس کے بچوں کے منہ کا ہی نوالہ چھیننا ہے۔ حکمران عیاشیاں ختم کریں اور خلفاء راشدین جیسی سادہ زندگی گزارنے کا عہد کرتے ہوئے اپنی تنخواہیں مزدور کے برابر کرلیں یا مزدور کی تنخواہ اپنے برابر کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کھاد مافیا اور گراں فروشوں اور ضلعی انتظامیہ اور حکومت کی بے حسی کے خلاف نکالی گئی احتجاجی ریلی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے۔

بقیہ 15

کے دیگر حصوں سے منقطع ہوگیا۔ متبادل راستہ نہ ہونے کی وجہ سے کچھ کے شہریوں کو اشیائے خورد ونوش کی قلت کا سامنا کرنا پڑا۔ نوشکی، چمن، توبہ اچکزئی، پشین اور قلعہ عبداللہ میں بھی زیادہ تر متاثرین امدادی سامان اور راشن سے محروم ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب ضلع لسبیلہ میں کافی حد تک ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا، متاثرین کیلئے عارضی خیمہ بستی قائم کی گئی۔

بقیہ 16

پر عمل درآمد کرنے کا مطالبہ کیا، جس پر امت شاہ نے کہا کہ اس قانون کو کووڈ ویکسی نیشن ختم ہونے کے بعد پورے ملک میں نافذ کیا جائے گا۔ ویکسی نیشن کی مہم نوماہ میں مکمل ہونے کی توقع ہے۔ امت شاہ نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کے شدید احتجاج کے باوجود سی اے اے کو نافذ کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ بھارت بھر میں مسلمانوں، اپوزیشن پارٹیوں اور اقوام متحدہ سمیت بین الاقوامی تنظیموں نے اس قانون کو امتیازی قرار دیتے ہوئے فوری طور پر منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ 17

جاں بحق کی تعداد تین ہوگئی۔ جبکہ شہر کے علاقہ عزیز کالونی میں تلخ کلامی پر نوجوان اسامہ نے چھری کے پے در پے وار کرکے علاقہ کے نوجوان عدیل کو شدید زخمی کردیا جو ہسپتال میں زندگی اور موت کی کشمکش کے بعد دم توڑ گیا۔ اسی طرح سرگودھا ریجن کے علاقہ جھال والا کنڈیاں سے مسخ شدہ نعش کو برآمد کرکے پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیا گیا جو ناقابل شناخت ہونے پر معمہ بن گئی تاہم پولیس واقعات میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 18

ں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے نوٹسز اور اعلانات بھی کروائے جا رہے ہیں۔ دریاؤں کے کنارے مقیم افراد انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ ترجمان نے کہا کہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام ادارے الرٹ ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے پروونشل اور 36 اضلاع کے کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال ہیں۔

بقیہ 19

افواج واپس بلانے کے باوجود جاری رکھنا چاہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنرل مشرف کے دور کی طرح امریکہ پھر پاکستان کے ائیربیس اور سرزمین کو اسلامی امارات افغانستان کے خلاف استعمال کرنے کا منصوبہ بناچکا ہے جس کی وجہ سے پاکستان میں 80 ہزار شہادتیں ہوئیں اور فاٹا کا پرامن اور ملک کا قدرتی دفاعی مورچہ آج مملکت پاکستان کے لیے مسئلہ بن چکا ہے اور ہم امارات اسلامیہ افغانستان کے توسط سے قبائل میں امن کے لیے سرگرم عمل ہیں اب دوبارہ اس عظیم غلطی کو دہرانے کے ہم کسی صورت متحمل نہیں ہوسکتے۔ حافظ حسین احمد نے کہا کہ امریکہ ہزاروں میل دور بیٹھ کر پاکستان کا کندھا استعمال کررہا ہے تاکہ ایک طرف امارات اسلامیہ افغانستان سے پاکستان کے تعلقات کشیدہ ہوں بلکہ افغانستان میں بھارت کے اثرو نفوذ کو بڑھایا جاسکے اور غالباً ان مقاصد کے حصول کے لیے آئی ایم ایف کے ذریعہ ہماری معاشی صورتحال کو ہتھیار کے طور پر اب تک استعمال کیا جارہا ہے اور ہم اس حد تک کمزور ہو چکے ہیں کہ پاکستان جیسے ایٹمی صلاحیت کی حامل فوج کے سپہ سالار تک کو آئی ایم ایف کے ایک ارب ڈالر قرضہ کی قسط کے لیے رابطہ کرنا پڑا ہے۔ جمعیت کے رہنما نے کہا کہ ملک میں معاشی عدم استحکام کی ایک بنیادی وجہ سیاسی عدم استحکام ہے اور اگر ہر ادارہ اپنے آئینی حدود و اختیارات کا پاس رکھے تو ملک کی موجودہ صورتحال کو بہتر بنایا جاسکتا ہے، انہوں نے کہا کہ نہ ہم نے ماضی سے سبق سیکھا اور ہمارا حال بے حال اور یہی حال رہا تو خدانخواستہ مستقبل تاریک ہوسکتا ہے۔

بقیہ 20

کے بعد شہید کے جسد خاکی کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا جہاں پر فوجی حکام نے آرمی چیف کی جانب سے پھولوں کی چادریں چڑھائیں۔ پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ شہید کی والدہ نے کہا کہ بیٹے کی شہادت پر فخر ہے، شہید فیاض 4 بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے، شہید کی ڈیڑھ برس قبل شادی ہوئی تھی۔

بقیہ 21

ایل پی جی فروخت کرنے والوں کے خلاف سیکشن 29 اوگرا آرڈیننس 2002 کے تحت لوکل گورنمنٹ کی مدد سے کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ غیر قانونی منافع خوری پر صوبائی حکومت کو درخواست کی گئی کہ غیر قانونی منافع خوری کرنے والے ایل پی جی پلانٹ اور ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ 22

گائے، جنگلی طوطوں اور گھریلو چڑیوں کے غیر قانونی شکار میں ملوث دس افراد کے چالانات کئے گئے اور جنہیں مبلغ ایک لاکھ اکیس ہزار روپے جرمانہ عائد۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع بہاولنگر منور حسین نجمی کی سرپرستی میں وائلڈ لائف انسپکٹر اللہ دتہ نے فورٹ عباس سے نایاب نیل گائے کے شکار کی غرض سے تعاقب میں مشغول چار شکاریوں کو موقع پر گرفتار کرکے مبلغ نوے ہزار روپے ٹھکانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کیا۔ ایک دیگر کامیاب کارروائی کے دوران اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف بہاولنگر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ہارون آباد سے جنگلی طوطوں کے شکار میں ملوث چار افراد کے چالانات کرکے عدالت بھیج دیئے۔ ایسی ہی ایک دیگر کارروائی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع لیہ محمد نواز بھٹہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کوٹ سلطان سے جنگلی بٹیر کے ایک غیر قانونی شکاری کو گرفتار کرکے اسے مبلغ گیارہ ہزار روپے ٹھکانہ معاوضہ کی مد جرمانہ کیا جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع لاہور بابر عمران نے اپنی ٹیم کے ہمراہ معصوم گھریلو چڑیوں کو بذریعہ جال شکار کرنیوالے دو افراد کو گرفتار کرکے وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر چالان کیا تاہم ملزمان کی جانب سے ٹھکانہ معاوضہ کی درخواست موصول ہونے پر دونوں کو مجموعی طور پر بیس ہزار ٹھکانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کیا۔

بقیہ 23

ہورہی تھی، اس کے تحت ریفرنس بھیجنے کا کوئی اختیار نہیں ہے اور دوسرے فیصلے میں ریفرنس کے حوالے سے ڈیڑھ لائن شامل کر کے الیکشن کمیشن نے اپنی ویب سائٹ پر ڈال دیا۔ انہوں نے کہا کہ کبھی بھی زیر التوا کیسز پر فریق سے چیمبر میں ملاقات نہیں ہوتی تاہم چیف الیکشن کمشنر نے حکومتی اراکین سے چیمبر میں تفصیلی ملاقات کی، تفصیل سے گفتگو ہوئی اور نتائج طے کیے گئے جس کے بعد سلطان سکندر راجا اور ان کی ٹیم نے یہ فیصلہ سنایا۔ تحریک انصاف کے رہنما نے کہا کہ اس فیصلے میں جو سقم ہیں وہ پہاڑ جتنے ہیں اور اس پر ہم الیکشن کمیشن کے خلاف اپیل میں جائیں گے بلکہ تادیبی کارروائی کے لیے بھی کہیں گے کیونکہ یہ فیصلہ آئین اور قانون سے ماورا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 84 سیٹیں لینے والی مسلم لیگ (ن) یہ کہہ رہی ہے کہ ہم 155 نشستیں لینے والی پارٹی پر پابندی لگادیں گے، آپ اپنی حیثیت اور قد کے مطابق بات کریں، عمران خان اور تحریک انصاف پر پابندی لگانا آپ کے بس میں نہیں ہے اور الیکشن سے آپ بھاگ رہے ہیں، ان سے پوچھیں کہ الیکشن کیوں نہیں کرا رہے تو یہ کہتے ہیں کہ ابھی الیکشن کرائے تو عمران خان جیت جائیں گے تو پھر آپ ملک میں مارشل لا لگالیں، کمیونسٹ پارٹی کا سسٹم بنالیں، عمران خان کی جیت کو بنیاد بنا کر الیکشن سے بھاگنا کوئی جواز نہیں ہے۔

بقیہ 24

چاہیے، چینی کمپنیاں پاکستان کی حکومت اور اس کے نجی شعبے کی شمسی توانائی کی تنصیب اور پیداوار میں مدد کر رہی ہیں۔ گوادر پرو کی رپورٹ کے مطابق حکومت پاکستان کو چاہیے کہ وہ چین سے توانائی کے خسارے پر قابو پانے کیلئے مدد حاصل کرے کیونکہ یہ ملک دنیا میں صاف توانائی خصوصاً شمسی اور ہوا کے سب سے بڑے فروغ دینے والے اور سرمایہ کاروں میں سے ایک ہے۔ گوادر پرو کے مطابق بین الاقوامی توانائی ایجنسی نے کہا کہ چین کی جامع پالیسیوں اور جدت نے شمسی توانائی کو مزید سستا بنادیا ہے، چین نے دنیا بھر میں سولر فوٹو وولٹکس (PV) کی لاگت کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، جس میں صاف توانائی کی منتقلی کے متعدد فوائد ہیں، اس طرح حکومت پاکستان اور اس کے نجی شعبے کو چین کے ساتھ شمسی توانائی کے تعاون کو مزید مضبوط کرنے کیلئے اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے گوادر پرو کے مطابق چین صحرائے گوبی اور دیگر بنجر علاقوں میں ونڈ اور شمسی توانائی کے بڑے منصوبوں کی دوسری کھیپ کی تعمیر کو تیز کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جسے پاکستان کے صحرائی علاقوں میں بھی نقل کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کے بورڈ آف انویسٹمنٹ کی تازہ ترین شائع شدہ رپورٹ کے مطابق سولر پی وی پلانٹس میں 144 ملین ڈالر کی غیر ملکی سرمایہ کاری میں سے 125 ملین ڈالر چین کی ہے جو کل کا تقریباً 87 فیصد ہے۔ پاکستان میں 530 میگاواٹ کی مجموعی پیداواری صلاحیت میں سے 400 میگاواٹ (75 فیصد) قائداعظم سولر پارک سے پیدا ہوتی ہے، جو پاکستان میں شمسی توانائی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا پہلا پاور پلانٹ ہے، جو پنجاب حکومت کی ملکیت ہے اور چین کی ٹیبیان الیکٹرک نے بنایا ہے۔ اپریس سکیانگ نیو انرجی کمپنی 400,000 سولر پینلز کے ساتھ 200 ہیکٹر فلیٹ ریگستان پر پھیلے ہوئے یہ پلانٹ ابتدائی طور پر پاکستان کے لیے 100 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کے ساتھ شروع کیا گیا تھا۔ مزید برآں پاکستان میں 3 نئے منصوبوں کے ساتھ 300 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے اور ملک میں 1,050 میگاواٹ کی مجموعی صلاحیت کے ساتھ قائداعظم سولر پارک کے لیے متعدد منصوبے رپورٹ کیے گئے ہیں جنھیں جلد از جلد شروع کیا جانا چاہیے اور جلد از جلد اس پر عملدرآمد کا بہترین حل چینی کمپنیوں سے مدد لینا ہے۔ اس طرح، شمسی توانائی کے تعاون میں اضافہ ملک میں موجودہ حکومت کا چنکارہ ہونا چاہیے۔

بقیہ 25

الیکشن کمیشن ریفرنس حکومت کو بھیجے گا حکومت کے ڈیکلریشن کے بعد سپریم کورٹ میں جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ ہر غلط فیصلے سے 14 پارٹیوں کی ساکھ راکھ بن رہی ہے۔ نہ نومن تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی۔ پی ڈی ایم اے میں میں [illegible] ہوگئی۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ اب اتحادی بے شک میڈیا میڈیا کھیلیں۔ جو آئی ایم ایف سے قرضہ بھی نہ لیںکے ان کی خاک کارکردگی ہے۔ پانی اور مہنگائی کے سیلاب کے بعد ٹرانسپورٹ بھی بند ہوگئی۔

بقیہ 26

اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئین کی خلاف ورزی ہورہی ہے، کچھ ادارے آئینی حدود میں مداخلت کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں پی اے سی کا چیئرمین ہوں، قواعد وضوابط کے تحت احتساب بیورو، سپریم کورٹ اور دفاعی ادارے پی اے سی کے سامنے جوابدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہمند اور بھاشا ڈیم کیلئے ثاقب نثار نے اربوں روپے کے فنڈز اکھٹے کئے، آڈیٹر جنرل پاکستان کو کہا کہ وہ ان کا آڈٹ کریں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے آئینی خلاف ورزی کی ہے اور آڈیٹر جنرل کو کام سے روک دیا ہے، سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وہ آڈٹ نہیں کرسکتے، بدقسمتی سے سپریم کورٹ نے 73ء کا آئین نہیں پڑھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 66 کے کلاز 3 کے تحت جواب دینا لازم ہے، سپریم کورٹ سمیت تمام ہائی کورٹس کے چیف جسٹس صاحبان سے کہتا ہوں کہ آئین پڑھ لیں، عدالت کہہ رہی ہے کہ آپ پبلک پٹیشن نہیں سن سکتے، آج کل کیوں قومی اسمبلی کے کام میں مداخلت کرنے کا شوق پڑگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران کو اپنے اثاثے ظاہر کرنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے احتساب افسران کو کہا کہ جس دن سے نیب جوائن کیا اثاثے ظاہر کریں، یہ پوچھا تو لوگ خفا ہوتے ہیں کہتے ہیں کہ پوچھا کیوں؟۔ انہوں نے کہا کہ ایک ادارے کے تیئیس سال سے رولز نہیں ہیں۔ نور عالم خان نے کہا کہ ایک خاتون نے مجھے پٹیشن بھیجی، پٹیشن میں کہا کہ نیب کے سابق چیئرمین ایک ڈی جی کے خلاف فریاد کی، میں نے پبلک پٹیشن لی کیونکہ نیب سے سب ڈرتے تھے، میں سابقہ چیئرمین نیب کو بلایا، اس خاتون نے ویڈیو دکھائی جس میں واضح تھا کہ وہ غیر اخلاقی حرکات کررہے تھے، میں نے ایکشن لیا، میرا گناہ یہ ہے کہ میں نے ایسا کیوں کیا؟ یہ لوگ عدالت میں چلے گئے کہ ہم انہیں نہیں بلاسکتے، سابقہ چیئرمین جو جسٹس بھی رہ چکے ہوں اور مسنگ پرسنز کمیشن کے سربراہ بھی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ منہ جنجوعہ نے بھی چیئرمین مسنگ پرسنز کا نام لیا، میں ان کو نہ جج کہوں گا وہ جاوید اقبال ہے، جس نے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسنگ پرسنز کا سربراہ آپ اس کو بنائیں گے جو خواتین سے پوچھے کہ آپ نے شادی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے سیکرٹری آبی وسائل سے پوچھا کہ ایف ڈبلیو او کو ڈیموں کی تعمیر میں نااہل کیا، سابق وفاقی وزیر کی خشاء سے مرضی کی کمپنی کو ڈیموں کا ٹھیکہ دیا گیا۔

بقیہ 27

کو بھیج دیا گیا ہے۔ عدالت نے سلیمان شہباز کے 13 کمپنیوں کے شیئرز اور 29 بینک اکاؤنٹس کو بھی قرق کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے حکم دیا ہے کہ تفتیشی افسر سلیمان شہباز کی دیگر جائیدادوں کی تفصیلات بھی عدالت کو پیش کرے۔ عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے بیٹے حمزہ شہباز کو فرد جرم عائد کرنے کے لئے آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 28

فیصلہ کیا ہے اور اس کے فیصلے نے ثابت کیا کہ پی ٹی آئی ایک فارن فنڈڈ پارٹی ہے، اس نے ریکارڈ میں جعل سازی کی اور اکاؤنٹس چھپائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی 34 غیر ملکی شہریوں اور 351 کمپنیوں سے فنڈز لیتی رہی، پولیٹیکل پارٹی ایکٹ اور الیکشن ایکٹ کے مطابق بھی ممنوعہ فنڈنگ جرم ہے، حکومت ان صدقہ ثبوتوں پر ڈکلیریشن دے سکتی ہے کہ پی ٹی آئی فارن ایڈڈ پارٹی ہے، اگر سپریم کورٹ یہ ڈکلیریشن برقرار رکھتی ہے تو پارٹی تحلیل ہوجائے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے نے عمران کو جھوٹا اور جعل ساز ثابت کیا، حکومتی اتحاد کی میٹنگ میں فیصلے کے بعد لائحہ عمل بنایا گیا ہے، قوم کو عمران خان سے متعلق آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سیاست میں رہے گا تو جمہوریت رہے گی اور نہ ہی سیاست آگے بڑھ سکتی ہے، اس کی رعونیت اور تکبر ہے، یہ کہتا ہے کہ ملک کے دشمنوں سے بات کرسکتا ہوں مگر سیاسی مخالفین سے بات نہیں کرسکتا۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے گزشتہ روز پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس کا فیصلہ سنایا جس کے مطابق تحریک انصاف پر ممنوعہ فنڈنگ ثابت ہوگئی ہے۔

بقیہ 29

کوشش کی گئی، الیکشن کمیشن کے فیصلے پر تمام کارروائی آئین اور قانون کے مطابق ہوگی، ہم کوئی بھی انتقامی کارروائی نہیں کریں گے، الیکشن اپنے مقررہ وقت پر ہوں گے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ فارن فنڈنگ کے ذریعے سی پیک کے منصوبوں کو تباہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان بھارتی شہریوں سے فنڈنگ لیتے رہے، عمران خان ہٹلر کا پیروکار ہے، ہم نے پاکستان کو ترقی اور استحکام کے راستے پر ڈالا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یکم اپریل کو پاکستان کا خزانہ خالی ہو چکا تھا، ہم نے سیاست کی بجائے ملک بچانے کو ترجیح دی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگر ہم الیکشن میں چلے جاتے تو ملک میں غیر یقینی کی صورتحال پیدا ہو جاتی۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہم نے حکومت میں آتے ہی مشکل فیصلے کیے، معیشت کو بچانے کے لئے پٹرول کی قیمت کو بڑھانا ضروری تھا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی قیادت میں پوری ٹیم کی محنت سے ملک معاشی بحالی کی طرف گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنی کچھ سیٹوں کی قربانی دی لیکن 22 کروڑ لوگوں کا مستقبل بچایا ہے، آج جو ملک میں مہنگائی ہے وہ عمران خان کی وجہ سے ہے۔

بقیہ 30

عمران خان کی تاحیات نااہلی کی کارروائی فوری شروع کرنی چاہیے، تحریک انصاف پر پابندی کی بھی کارروائی کرنی چاہیے۔

بقیہ 31

جو دوسروں کو چور اور ڈاکو کہتا ہے اور اپنے ماتھے پر صادق اور امین کی پٹی لگا کر پھرتا ہے وہ خود سب سے بڑا ڈاکو اور چور نکلا اور صرف اس پر سپریم کورٹ کی مہر لگنا باقی ہے، یہ کہا جارہا ہے کہ اس شخص کو کچھ نہ کہا جائے کیونکہ یہ صادق وامین ہے ہاتھ نہ ڈالیں کیونکہ وہ ہینڈسم بہت ہے، بہت مقبول ہے، عارف نقوی کے کیسز نکلے تو وہ بے چارہ ہے، فرح گوگی کی کرپشن نکلی تو وہ بے چاری ہے، وہ صادق وامین جو توشہ خانہ لوٹ کر کھا گیا، فرح گوگی لوٹ کر کھا گئی آپ سے کیوں نہ پوچھیں۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہم مزدور اور غریب لوگ ہیں، ہینڈسم بھی نہیں ہیں، ہماری پارٹی کے چاہنے والے عام لوگ ہیں ریڑھی والے ہیں دکان والے ہیں، ہم الیکشن کمیشن کے پاس ریکارڈ جمع کرا چکے ہیں اور ہم نے کوئی حکم امتناعی نہیں لیا، ہم نے کبھی یہ نہیں کہا کہ ہماری چیزیں باہر نہ لائیں، ہمارے اکاؤنٹس کو چھپائیں، الیکشن کمیشن نے سکروٹنی کرنی ہے کرے مسلم لیگ (ن) تیار ہے لیکن جنہوں نے گاجریں کھائی ہیں ان کے پیٹ میں درد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی وائی چور تو ہیں ہی جھوٹے بھی ہیں، عدالتوں کے کندھوں پر رکھ کر بندوق چلاتے ہیں، ہر معاملہ قالین کے نیچے نہیں چھپ سکے گا، ہم سمجھتے ہیں عدلیہ کو مزید متنازعہ نہیں ہونا چاہیے۔ عمران خان کی چوری ثابت ہو گئی ہے وہ ایک بد دیانت ثابت ہوگیا ہے، ڈکیت ثابت ہوا ہے اس پر صرف سپریم کورٹ کی مہر لگنی باقی ہے اور اس کی نااہلی واضح لکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان بیشک مظلومیت کی شکل بنائیں کہ میں ایک ڈائری لے کر نکلا ہوں، میں تو کہوں گی ڈائری کو بھی ضبط ہونا چاہیے اس میں بڑے بڑے قصے نظر آئیں گے

بقیہ 32

جماعتوں کے وزراء بھی شریک ہوئے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اجلاس کے شرکاء کو الیکشن کمیشن کے فیصلے پر بریفنگ دی۔

بقیہ 33

میڈیا رپورٹس دیکھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا کردار اور قربانیاں سب جانتے ہیں۔

بقیہ 34

کہ الیکشن کمیشن نے جانبداری میں ملا حکم نامہ پورا کرنا ہے، رپورٹ میں اچھے خاصے پاکستانیوں کو غیر ملکی قرار دے دیا ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ ڈاکٹر مظہر رشی، سامیہ رشی اور اس قبل بینش فریدی کا ویڈیو بیان بھی آچکا ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ پی ڈی ایم اور الیکشن کمیشن کا گٹھ جوڑ ہے، الیکشن کمیشن اپنے مینڈیٹ سے بڑھ کر وفاقی حکومت کو رپورٹ بھیج رہا ہے۔ فرخ حبیب نے کہا کہ پی پی او 2002 میں یہ اختیار الیکشن کمیشن کے پاس ہے ہی نہیں، اس سے معلوم پڑتا ہے رجیم چینج سازش ابھی مکمل نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے خلاف ہر غیر قانونی حربہ استعمال کرنا ہے۔

بقیہ 35

قدرت کیسے بے نقاب کررہی ہے، ہر وہ چیز جو عمران خان نے تھوکی اب انہیں چاٹنی پڑ رہی ہے، نذیر چوہان کے واقعہ کو لانگ مارچ والے واقعہ سے نہ جوڑیں، آپ اگر لانگ مارچ میں وفاق پر چڑھائی کررہے ہوں تو ریاست آرام سے نہیں بیٹھے گی، بلوچستان میں فوجی جوانوں کی شہادت قومی المیہ ہے، پاک فوج نے ہمیشہ اپنے پاکستانیوں کی مدد کی ہے، ملکی دفاع کے ساتھ ساتھ قدرتی آفات میں بھی فوجی دستے میدان عمل میں ہوتے ہیں، ہم شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ بدھ کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے قانونی اور سیاسی مشاورت کے لیے کمیٹیاں بن چکی ہیں جن اجلاس ہورہا ہے جس میں طے کردہ سفارشات پی ڈی ایم کے اجلاس میں پیش کی جائیں گی، اس اجلاس میں تمام سیاسی قیادت موجود ہوگی جو یہ فیصلہ کرے گی کہ ممنوعہ فنڈنگ کے فیصلے کے بعد آئندہ لائحہ عمل کیا ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں فوجی جوانوں کی شہادت قومی المیہ ہے، پاک فوج نے ہمیشہ اپنے پاکستانیوں کی مدد کی ہے، ملکی دفاع کے ساتھ ساتھ قدرتی آفات میں بھی فوجی دستے میدان عمل میں ہوتے ہیں، اللہ پاک شہداء کے درجات بلند عطا فرمائے، ہم ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نذیر چوہان کی گرفتاری جس انداز میں ہوئی وہ سب نے دیکھا ہے کہ جیسے کسی دہشتگرد کو اٹھا کر لے جایا جارہا ہے، ہم اس طرز عمل کی مذمت کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ نذیر چوہان کیلئے بھی عدالتیں کھلیں گی اور انہیں فوری انصاف دیا جائے گا۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ نذیر چوہان کے واقعہ کو لانگ مارچ والے واقعہ سے نہ جوڑیں، آپ اگر لانگ مارچ میں وفاق پر چڑھائی کررہے ہوں تو ریاست آرام سے نہیں بیٹھے گی۔ انہوں نے کہا کہ فارن فنڈنگ کیس پر بہت بات ہوچکی ہے تاہم یہ بات اس وقت تک ہوتی رہے گی جب تک عمران خان اپنے منطقی انجام تک نہیں پہنچ جاتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ عمران خان جب بھی کوئی الزام اپنے مخالفین پر لگائیں گے تو اس کا مطلب ہے کہ انہوں نے خود یہ واردات کی ہے، جس کے دماغ میں گند ہو وہ ہر ایک کو اپنے جیسا سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی عمران کو موقع ملا انہوں نے آئین توڑا، اپنے اسپیکر اور صدر کے ساتھ مل کر آئین توڑا، بالآخر ان ہی عدالتوں سے فیصلے آگئے کہ آپ نے آئین شکنی کی ہے لیکن انہیں کوئی ندامت نہیں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ 4 سال پاکستان میں انکی حکمرانی تھی، خیبر پختونخوا میں ان کی حکومت کو 9 برس ہوگئے، انہوں نے اس دوران جو گل کھلائے کیا وہ ہمیں یاد نہیں ہیں؟ معیشت کو اپ وینٹی لیٹر پر چھوڑ کر گئے، کوئی میگا پراجیکٹ نہیں بنایا، 4 برسوں میں آپ کی حکومت نے ڈگنا قرض لیا، آپ کے گناہ ہمارے سر پڑ گئے کیونکہ ہم نے آپ کو آئینی طریقے سے ہٹایا۔

بقیہ 36

ہے کہ حکومت ایک سے دو روز میں بھارت سے انستھیزیا گیس درآمد کی اجازت دے گی اور بھارت سے بذریعہ جہاز انستھیزیا پاکستان لائی جائے گی۔ اس حوالے سے وفاقی سیکرٹری صحت اور ڈریپ نے گرین سگنل دے دیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈالر کی بڑھتی قیمت کے باعث فارما سوٹیکل کمپنیز نے امریکہ سے انستھیزیا نہیں منگوائی، لاہور کے ہسپتالوں میں انستھیزیا کی قلت کے باعث آپریشن رکے ہوئے ہیں۔

بقیہ 37

118 دہشتگردوں کی تلاش ہے۔ فہرست کے مطابق بلوچستان پولیس کو 127 اور سندھ کو 138، اسلام آباد پولیس کو 33 جبکہ گلگت بلتستان کو 20 دہشتگردوں کی تلاش ہے، ایف آئی اے کو خود 45 دہشتگرد مطلوب ہیں۔

بقیہ 38

احتساب آرڈیننس 1999 میں مزید ترمیم کرنے کا بل قومی احتساب ترمیم دوم بل 2022 زیر غور لانے کیلئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ 123 کے ذیلی قاعدہ 2 کی متقضیات سے صرف نظر کئے جانے کی تحریک پیش کی جس کی منظوری کے بعد انہوں نے تحریک پیش کی کہ قومی احتساب ترمیم دوم 2022 قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے، اس تحریک کی منظوری کے بعد بل کی شق وار منظوری کے دوران علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی گئیں۔ زہرہ ودود فاطمہ نے ترمیم پیش کرتے ہوئے کہا کہ بورڈ میں ٹرسٹیز اور ڈائریکٹرز کو بھی شامل کیا جائے۔ شہادت اعوان نے کہا کہ یہ بہتر ترمیم ہے اس کی مخالفت نہیں کرتے۔ شق وار منظوری کے بعد شہادت اعوان نے بل ایوان میں منظوری کے لئے پیش کیا جس کی ایوان نے منظوری دے دی۔ جی ڈی اے کے پارلیمانی لیڈر غوث بخش مہر نے کہا کہ اہم قانون سازی کے موقع پر حکمران اتحاد کے چیف وہپ کو یہاں موجود ہونا چاہیے۔ سپیکر نے کہا کہ مرتضی جاوید عباسی کو فوری طور پر بلایا جائے، انہیں ایوان میں موجود ہونا چاہیے۔ قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف کے چیئرمین محمود بشیر ورک نے اشاعت قوانین پاکستان ایکٹ 2016 میں ترمیم کرنے کے بل اشاعت قوانین پاکستان ترمیمی بل 2022 پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کی۔ وزیر مملکت برائے قانون شہادت اعوان نے بل فی الفور زیر غور لانے کی تحریک پیش کی جس کی منظوری کے بعد سپیکر نے شق وار منظوری لی۔ مولانا عبدالاکبر چترالی نے کہا کہ وقفہ سوالات ہمارا حق تھا، یہاں قانون سازی ہورہی ہے، وزراء ایوان میں موجود نہیں ہیں۔ قانون سازی پاکستان کیلئے ہوتی ہے اس ایوان میں ممبران موجود نہیں۔ شق وار منظوری کے بعد شہادت اعوان نے اشاعت قوانین پاکستان ترمیمی بل 2022 منظوری کے لئے پیش کیا جس کی ایوان نے منظوری دے دی۔

بقیہ 39

ہیں۔ ٹیم کی سربراہی سابق اٹارنی جنرل انور منصور کریں گے۔ قانونی ٹیم کو الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف اپیل تیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ٹیم الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اپیل تیار کرکے عمران خان سے منظوری لے گی۔

بقیہ 40

کے بیان کا جو تنازعہ پیدا ہوا ہے وہ ایک نیا رخ اختیار کرگیا ہے۔ ملک کے معروف بزنس مین میاں محمد منشاء نے چند سال قبل چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادے چوہدری شافع حسین سے لین دین کے کروڑوں روپوں کا تنازعہ چل رہا ہے اور شافع حسین نے آصف زرداری سے یہ کہا تھا کہ میاں منشاء سے میرے پیسے دلوادیں جس پر آصف زرداری نے انہیں یقین دلایا تھا میں کوشش کروں گا لیکن تم نہ یہ پیسے پاکستانی کرنسی میں نہیں بلکہ ڈالرز میں ڈیمانڈ کرنے ہیں تاکہ موجودہ ریٹس کے مطابق پیسے ملیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلی پنجاب کے انتخاب کے معاملے پر جب آصف زرداری لاہور میں چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات کرنے آئے تو اس موقع پر چوہدری شافع حسین نے آصف زرداری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انکل آپ نے تو اپنے پیسے میاں منشاء سے وصول کرلئے تھے میں نے بھی انہیں ایک فیکٹری بیچی تھی جس کی ابھی تک انہوں نے مکمل ادائیگی نہیں کی آپ میرے پیسے بھی میاں منشاء سے دلوا دیں جس پر آصف زرداری نے مسکراتے ہوئے کہا بیٹا تم فکر نہ کرو میں پوری کوشش کروں گا لیکن میرا مشورہ ہوگا کہ یہ رقم پاکستانی کرنسی کے بجائے موجودہ ڈالر ریٹ پر وصول کرنا جب اس بات کی اطلاع چوہدری وجاہت حسین کو ملی تو انہوں نے گجرات میں اپنے حامیوں کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا تھا کہ چوہدری ظہور الہی مرحوم کے پوتے نے آصف زرداری سے ڈالر مانگ ہیں جس پر چوہدری شجاعت حسین نے سخت ناراضگی کا اظہار کیا تھا تاہم عید سے ایک روز قبل چوہدری وجاہت حسین نے اپنے بڑے بھائی سے ملاقات کرکے اپنے بیان کی وضاحت کردی تھی تاہم ان سے یہ مطالبہ کیا گیا کہ وہ پبلک میں اپنے بیان کی تردید کریں جس پر چوہدری وجاہت حسین نے انکار کردیا تھا۔

بقیہ 41

تحت ملک چلانے کے دعویدار کو جھوٹے بیان حلفی جمع کرانے پر آئینی ادارے نے بے نقاب کردیا، دیگر اداروں کے عہدیدار پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں پیش ہو سکتے ہیں تو نیب کے ادارے کا احتساب کیوں نہیں ہو سکتا، یہ سلسلہ ملک کے وجود کے لئے تشویشناک ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین نور عالم خان کی جانب سے اٹھائے گئے نکات کی تائید کرتے ہوئے وفاقی وزیر خواجہ آصف نے کہا کہ اداروں کو احتساب سے استثنیٰ پارلیمان کی بالادستی کی نفی ہے، یہ بالادستی آئین کے تحت پارلیمان کو حاصل ہے۔ نور عالم نے اہم نکتہ اٹھایا ہے، آئین کے مطابق جب ہمارا ادارہ پارلیمان کے سپریم ہونے کا دعوی کرتا ہے تو اس ادارے کو پی اے سی کے پیچھے کھڑا ہونا چاہیے۔ پی اے سی اس ہاؤس کی سب سے بااثر کمیٹی ہے۔ اپنے کام، حدود کے اعتبار سے اس کو کوئی چیلنج کرے تو ہمیں اس کو ہاؤس میں لانا چاہیے۔ ساری دنیا میں یہ روایت ہے، لوگوں کو ہاؤس میں بلایا جائے جو اپنے آپ کو مقدس گائے سمجھتے ہیں، میں بھی گواہ ہوں کئی بار بلانے پر ایک مرتبہ نہیں آئے۔ ایک ہائیکورٹ کہتی ہے کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد مداخلت نہیں کرنی، صوبہ کے پی کے میں احتساب کمیشن بند کردیا گیا تب عدالت خاموش رہی۔ باقی سارے صوبوں میں احتساب ہوا، کے پی میں کیوں بند ہوا، ادارے کو تالہ لگا دیا گیا۔ خود کو مدینہ کی ریاست کہتے رہے جہاں اپنی حکمرانی ہے وہاں ادارہ بند کردیا۔ الیکشن کمیشن نے ان کا احتساب کیا، جعلی حلف نامے دیتے رہے، اس ایوان کی بالادستی کا تحفظ ہماری آئینی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ممنوعہ فنڈڈ لوگ اس ادارے کے تحفظ اور اس کی بالادستی پر سمجھوتہ کرتے ہیں۔ ادارے سائلین کو بلاکر ان کی توہین کرتے ہیں، آئینی ادارہ بلاتا ہے تو وہاں پیش نہیں ہوتے، احتساب کا دروازہ بند کرنے پر کسی کا ضمیر نہیں جاگا۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کی تبدیلی پر ہمارے اوپر امریکا کا ملبہ ڈالنے والے خود ہندوستان اسرائیل اور امریکا سے پیسے لیتے رہے۔ جس کو پی اے سی بلائے اس کو خود حاضر ہونا چاہیے۔

بقیہ 42

کے حوالے قائم انکوائری کمیشن کا اجلاس ہوا جس میں شیریں مزاری، ڈی سی اسلام آباد، سابق ایس پی سٹی، اور ایس ایچ او کوہسار کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ شیریں مزاری کی گرفتاری سے متعلق تھانہ کوہسار کا ریکارڈ پولیس نے انکوائری کمیشن کو پیش کردیا۔ پیش ہونے والے افسران سے کمیشن نے سوالات کئے، انتظامیہ اور پولیس کے بیانات پر کمیشن نے جرح بھی کی۔

بقیہ 43

کردیا گیا۔ کابینہ ڈویژن نے دو چھٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے مطابق پیر 8 اور منگل 9 اگست کو ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی۔

بقیہ 44

میں شرکت کی، نماز جنازہ میں گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی، وزیر اعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزراء اور سول و عسکری حکام سمیت شہدا کے لواحقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، بعد ازاں آرمی چیف نے لسبیلہ ہیلی حادثے میں شہادت قبول کرنے والے شہید لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور بریگیڈیئر محمد خالد کے اہل خانہ اور زیارت میں شہیدت ہونے والے لیفٹیننٹ کرنل لئیق بیگ مرزا شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی، شہید لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور بریگیڈیئر محمد خالد کے جسد خاکی کو راولپنڈی منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 45

،8 سال بعد آنے والے فیصلے میں عجلت ڈھونڈنے والوں پر حیرانی ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا کہ اس پروپیگنڈے کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں، کمیشن نے ایک ہی فیصلہ دیا جو ہر صفحہ پہ دستخط شدہ ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن کی طرف سے فیصلہ آفیشل ویب سائٹ پر جاری کیا گیا۔

بقیہ 46

لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور دیگر شہداء کے لئے خصوصی دعا کی گئی اور شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار اور صبر جمیل کی دعا بھی کی گئی۔ اجلاس میں بلوچستان، جنوبی پنجاب اور دیگر علاقوں میں سیلاب اور بارشوں سے جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اتحاد بین المسلمین کمیٹی کے اجلاس میں نکاح نامے میں ختم نبوت ؐ کے حلف نامے کو لازمی قرار دینے پر وزیر اعلی چودھری پرویز الہی کے احسن اقدام کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اتحاد بین المسلمین کمیٹی کے اجلاس میں علماء کرام نے کہا کہ آپ کا یہ تاریخ ساز اقدام ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، آپ مجاہد وزیر اعلیٰ ہیں۔ چودھری پرویز الٰہی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام اور مشائخ عظام نے ہمیشہ ہر موقع پر قوم کی رہنمائی کی ہے۔ پاکستان میں بھائی چارے، یکجہتی اور مذہبی رواداری کے فروغ میں علماء کرام کا کردار لائق تحسین ہے۔ مذہبی ہم آہنگی کے فروغ میں علماء کرام کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ محرم الحرام کے دوران مذہبی رواداری اور قیام امن کیلئے ڈسٹرکٹ لیول پر خصوصی کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں اور ان کمیٹیوں میں انتظامی و پولیس افسران اور علماء کرام کو شامل کیا گیا ہے۔ مقامی سطح پر امن عامہ برقرار رکھنے کے لئے تمام فیصلے مشاورت سے کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ مذہبی منافرت پر مبنی لٹریچر کی اشاعت اور فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جاسکتی۔ مذہبی منافرت پر مبنی لٹریچر شائع اور فروخت کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز ایکشن لیا جائے گا۔ سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے والوں کے خلاف بھی بلاتفریق کارروائی ہوگی اور اس ضمن میں سائبر کرائم ونگ سے کوآرڈینیشن کی جائے گی۔ وزیر اعلی چودھری پرویز الٰہی نے علماء کرام کے مسائل کے حل کیلئے رابعہ بشارت کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی۔ کمیٹی میں سول، پولیس کے حکام اور علماء کرام شامل ہوں گے۔ مولانا فضل رحیم نے کہا کہ حکومت کے ساتھ تعاون کو اپنا قومی فرض سمجھتے ہیں۔ قاری حنیف جالندھری نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے دین اسلام کی خدمت میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ مولانا عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ مشائخ اور علماء کا کردار دلوں کو توڑنا نہیں جوڑنا ہے۔ علماء کرام اور مشائخ عظام نے مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے حکومتی اقدامات کو سراہا۔ مولانا فضل رحیم نے اجلاس کے اختتام پر ملک کی سلامتی، امن اور استحکام کیلئے دعا کرائی۔ اراکین پنجاب اسمبلی رابعہ بشارت، حافظ عمار یاسر، فیاض الحسن چوہان، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، سابق پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلی پنجاب جی ایم سکندر اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ مولانا فضل رحیم، قاری محمد حنیف جالندھری، مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد، پیر سید ناظم حسین شاہ، حافظ عبدالوہاب روپڑی، علامہ مولانا محمد حسین اکبر، محمد رشید ترابی، مولانا مشتاق جعفری اور علماء کرام و مشائخ عظام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 47

دوران علاج 2 اہلکار جاں بحق ہوگئے۔ شہید ہونے والے 2 اہلکاروں کی شناخت 45 سالہ کانسٹیبل صابر اور 40 سالہ شہزاد کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں میں 40 سالہ علی گوہر اور 55 سالہ سعید شامل ہیں۔ جنہیں اسپتال میں طبی امداد دی جارہی ہے۔ ابتدائی اطلاع کے مطابق دونوں زخمی اہلکاروں کی حالت تشویش ناک ہے۔ اسپتال ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد چار زخمی پولیس اہلکاروں کو اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں دوران علاج 2 اہلکار جاں بحق ہوگئے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ دستی بم گارڈن پولیس ہیڈکوارٹر کے مال خانے میں صفائی کے دوران پھٹا۔ واقعہ دہشت گردی نہیں، بلکہ اتفاقی حادثہ ہے۔ ایس ایس پی سٹی کے مطابق بدھ کی صبح گارڈن پولیس ہیڈکوارٹرز کے اندر اسلحہ خانے میں دھماکا ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ صفائی کے دوران گرنیڈ پھٹنے سے دھماکا ہوا۔ دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی دی گئی۔ کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ سندھ کے ڈی آئی جی آصف اعجاز واقعہ کے فوری بعد جائے وقوعہ پر پہنچے۔ ڈی آئی جی آصف اعجاز شیخ کے مطابق گارڈن پولیس ہیڈکوارٹر کے اسلحہ خانے سے پولیس اہلکاروں نے دو دستی بم باہر نکالے تھے کہ ان میں سے ایک کی پن نکل گئی جس سے زوردار دھماکہ ہوا۔ آصف اعجاز شیخ کے مطابق یہ اسلحہ خانہ ایسی جگہ پر ہے جہاں دہشت گردی کا کوئی عنصر ظاہر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے بتایا کہ اس اسلحے کا معائنہ اندر ہی ہونا چاہیے تھا اہلکاروں نے دستی بم باہر کیوں نکالے، اس امر کی تحقیقات کررہے ہیں۔ آصف اعجاز شیخ نے تصدیق کی کہ اس واقعے میں 2 اہلکار جاں بحق جبکہ دو زخمی ہوئے، جاں بحق ہونے والا صابر پولیس کانسٹیبل اور بطور موچی کام کرتا تھا۔

بقیہ 48

کی متعین آبائی علاقوں کو روانہ کی گئیں، ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونیوالے ڈی جی کوسٹ گارڈ میجر جنرل امجد حنیف کا تعلق راولاکوٹ آزاد کشمیر سے تھا۔ میجر جنرل امجد حنیف نے 1994 میں آزاد کشمیر رجمنٹ میں کمیشن حاصل کیا، شہید نے سوگوار میں بیوہ ایک بیٹے اور دو بیٹیوں کو چھوڑا ہے۔ شہید کمانڈر انجینئر 12 کور بریگیڈیئر محمد خالد کا تعلق فیصل آباد سے تھا، بریگیڈیئر محمد خالد نے 1994 میں 20 انجینئر بٹالین میں کمیشن حاصل کیا، شہید نے بیوہ، تین بیٹیوں اور تین بیٹوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔ شہید پائلٹ میجر سعید کا تعلق لاڑکانہ سے تھا، انہوں نے بیوہ، ایک بیٹی اور ایک بیٹے کو سوگوار چھوڑا ہے۔ ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونیوالے معاون پائلٹ میجر محمد طلحہ منان نے بیوہ اور دو بیٹوں کو سوگوار چھوڑا ہے۔ شہید کریو چیف نائیک مدثر فیاض کا تعلق ناروال سے تھا اور انہوں نے بیوہ کو سوگوار چھوڑا ہے۔

بقیہ 49

پر مکمل تحقیقات کے بعد قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے تاریخ ساز فیصلہ سنایا، عمران خان ہر معاملے میں یوٹرن لیتے ہیں، عمران خان منافقت کی سیاست کے چیمپئن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد تحریک انصاف بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو پتہ تھا کہ بیرون ملک سے غیر قانونی فنڈنگ آئی ہے، پی ٹی آئی نے 8 سال فارن فنڈنگ کیس کو طول دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکم امتناعی کے پیچھے چھپ کر کیس کو طول کرنے کی کوشش کی، غیر ملکی فنڈنگ کو پی ٹی آئی کس مقصد کیلئے استعمال کرنا چاہتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف چاہتی تھی کہ فارن فنڈنگ کے معاملے کو خفیہ رکھا جائے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ملکی معیشت استحکام کے راہ پر چل پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی ذات اور سیاست کا ملکی معیشت پر منفی اثر رہا ہے، فیصلے کا معیشت پر مثبت اثر پڑا ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ نواز شریف کے کیس میں روزانہ کی بنیاد پر ٹرائل ہوتا تھا، عمران خان نے 5 بیان حلفی اپنے دستخط کیساتھ الیکشن کمیشن میں جمع کروائے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ جھوٹے بیان حلفی پر 7 سال قید کی سزا ہے، عمران خان کو چاہیے کہ وہ اخلاقی طور پر پی ٹی آئی کی چیئرمین شپ سے مستعفی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سے بھی پی ٹی آئی کو فنڈنگ دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی شہری کیوں تحریک انصاف کو فنڈز دے رہے ہیں، عمران خان نے مقبوضہ کشمیر کا سودا کیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ خیرات کے نام پر لیا گیا پیسہ ذاتی استعمال کیلئے لگایا گیا، سیاسی جماعت کی ممنوعہ فنڈنگ کے حوالے سے قانون موجود ہے، اس معاملے پر مکمل تحقیقات کے بعد قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے سودے کے عوض سے عمران خان کو بیرونی فنڈنگ آئی۔

بقیہ 50

انسپکٹر نوشہرہ نے ہوا میں اڑادیئے ہیں سماجی حلقوں میں محکمہ صحت اور ڈرگ انسپکٹر کی چپ سادھ باعث تشویش ہے عطائی ڈاکٹروں کا خود ساختہ علاج ومعالجہ سادہ لوح مریضوں پر تجربے دھڑلے سے کئے جاتے ہیں جس کے نتیجہ میں مریض صحت یاب ہونے کے مذید بیماری کا شکار ہوجاتے ہیں علاقہ مکینوں نے بتایا کہ ڈرگ انسپکٹر نوشہرہ کو کئی بار نشاندہی کرائی گئی اس کے باوجود بھی کاروائی نہ کرنا کئی سوال جنم لے رہے ہیں معلوم ہوا ہے کہ زیادہ تر عطائی ڈاکٹرز سرکاری ہسپتالوں میں ڈسپنسر، وارڈ بوائے، سینٹری انسپکٹر سمیت درجہ چہارم کے ملازمین نے اپنے آبائی علاقوں میں کلینک کھول کر مریضوں پر تجربے کر کے شروع کرر کھے ہیں شہریوں ملک عدنان، ملک سلیم، ملک ذیشان، ملک ظہور، ملک ثاقب ودیگر نے محکمہ صحت کے حکام، ڈپٹی کمشنر خوشاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 51

اس نے ہر مشکل وقت میں اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر عوام کے شانہ بشانہ کام کیا مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے دارالعلوم عزیزیہ کے طلباء نے قرآن خوانی کر کے ان کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی جمعیت علماء اسلام بھیرہ کے امیر حاجی محمد انور فواد ناظم عمومی مولانا عبدالروف راشدی ودیگر نے بلوچستان میں متاثرین سیلاب کی امداد کے دوران ہیلی کاپٹر حادثہ میں شہید ہونے والے جوانوں کی شہادت کو ایک قومی سانحہ قرار دیا ہے افسران اور جوانوں نے انسانیت کی خدمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا ہے قوم افواج پاکستان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی

بقیہ 52

مبینہ گھپلوں اور ناقص میٹریل کے استعمال کی اعلی سطحی انکوائری کرائیں اور سرکاری خانہ کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو کڑی سزا دیں۔

بقیہ 53

احکامات کی دھجیاں اڑا رہے ہیں، مسائل کا حل شفاف الیکشن ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تحریک انصاف کے رہنماء ڈاکٹر شہباز گل نے دوسرا نیب ترمیمی بل منظور ہونے پر نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کیا ایسے لوگوں کو قانون سازی کی اجازت دی جاسکتی ہے جو خود کیسز کا سامنا کررہے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے احتساب عدالت کے ججز کی تعیناتی کا اختیار صدر مملکت سے چھین لیا، چند کیش بوائے اور مقصود چپڑاسی پکڑے گئے ابھی ان کے اربوں روپے کا پتہ نہیں۔ شریف خاندان پر تنقید کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ یہ ایسا خاندان ہے جو دیمک کی طرح پاکستان کو لگا ہے، اس خاندان نے قانون سے وہ روح نکال دی کہ طاقتور قانون کے تابع آئے۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی سازش کے تحت پاکستان کو معاشی طور پر تباہ کردیا ہے اور کیسے تباہ کرنا ہے، آج مہنگائی عروج پر، ایکسپورٹ کم ہوتی جارہی ہے، ہر شعبہ تباہ ہورہا ہے۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ بیرونی سازش سے سرٹیفائیڈ چوروں کو لایا گیا جو ملک لوٹ کر کھا گئے، جب معیشت تباہ کردیتے ہیں تو اس ملک کو ہر لحاظ سے کمزور کردیا جاتا ہے، ان سے مسائل کا ایک ہی حل ہے کہ شفاف الیکشن کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ چیف الیکشن کمشنر واضح طور پر عدالتی احکامات کی دھجیاں اڑارہے ہیں، عدالت کا فیصلہ واضح تھا کہ تمام پارٹیوں کا یکساں فیصلہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی واحد جماعت ہے جس نے عام عوام سے پیسہ اکٹھا کیا۔

بقیہ 54

ایم اور اتحادی جماعتوں کا اجلاس ہوا، اجلاس میں پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس پر الیکشن کمیشن کے فیصلے پر تفصیلی غور کیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عمران خان کو نااہل کرانے کیلئے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جائیگا، ریفرنس آرٹیکل 62 اور 63 کے تحت دائر کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کیساتھ غیر رسمی مشاورت کے بعد ریفرنس دائر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے وفاقی کابینہ (آج) جمعرات کو ممنوعہ فنڈنگ کیس پر سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دیگی، الیکشن کمیشن کے فیصلے پر کارروائی اور طریقہ کار کا فیصلہ بھی کل وفاقی کابینہ کرے گی، تحریک انصاف کے بے نامی اکاؤنٹس اور کریمنل کیسز سے متعلق کارروائی کا فیصلہ بھی (آج) کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق عمران خان اور دیگر قیادت کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کے متعلق فیصلہ بھی کابینہ کریگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تحریک انصاف سمیت کسی کو بھی ریڈ زون میں احتجاج نہیں کرنے دیا جائیگا، کوئی احتجاج کرنا چاہتا ہے تو ریڈ زون کے باہر جہاں مرضی کرلے۔

بقیہ 55

کہ طالبان قیادت میں اعلی سطح پر غور جاری ہے کہ امریکی ڈرون حملے پر ردعمل دیا جائے یا نہیں اور اگر طے ہوجائے کہ ردعمل دیا جانا ہے تو اس کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے۔ طالبان رہنما نے مزید کہا کہ ردعمل کے حوالے سے پچھلے دو دن سے بہت طویل بات چیت جاری ہے۔

بقیہ 56

ایم اور اتحادی جماعتوں کا اجلاس ہوا، اجلاس میں پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس پر الیکشن کمیشن کے فیصلے پر تفصیلی غور کیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عمران خان کو نااہل کرانے کیلئے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جائیگا، ریفرنس آرٹیکل 62 اور 63 کے تحت دائر کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کیساتھ غیر رسمی مشاورت کے بعد ریفرنس دائر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے وفاقی کابینہ (آج) جمعرات کو ممنوعہ فنڈنگ کیس پر سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دیگی، الیکشن کمیشن کے فیصلے پر کارروائی اور طریقہ کار کا فیصلہ بھی کل وفاقی کابینہ کرے گی، تحریک انصاف کے بے نامی اکاؤنٹس اور کریمنل کیسز سے متعلق کارروائی کا فیصلہ بھی (آج) کیا جائیگا۔ ذرائع کے مطابق عمران خان اور دیگر قیادت کا نام ای سی ایل میں ڈالنے کے متعلق فیصلہ بھی کابینہ کریگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تحریک انصاف سمیت کسی کو بھی ریڈ زون میں احتجاج نہیں کرنے دیا جائیگا، کوئی احتجاج کرنا چاہتا ہے تو ریڈ زون کے باہر جہاں مرضی کرلے۔

بقیہ 57

الیکشن کمیشن ایک ادارہ، حقائق کو نہیں جھٹلایا جاسکتا ہے، اب آئین اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائیگی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ پی ڈی ایم و قائد جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ فنڈنگ کیس سے ثابت ہوچکا پی ٹی آئی غیر ملکی ایجنٹ اور غیر ملکی ایجنڈے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب آئین اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بھارت، اسرائیل سے بھی مدد لی ہے، عمران خان نے امریکہ، کینیڈا اور فن لینڈ سے بھی مدد لی ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے استفسار کیا کہ جن ممالک سے اس کو فنڈ مل رہا ہے وہ پاکستان کے نظریئے کے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ ہنسی آتی ہے کہ فوری بیان دیتے ہیں کہ فیصلہ ہمارے حق میں آگیا جب ان کو تھوڑا سا ہوش آگیا تو آج عدالت میں جارہے ہیں، پہلے بھی کہا تھا کہ عمران خان الیکشن کمیشن پر دباؤ ڈال رہا ہے

داتا دربار: ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی والدہ محترمہ کے ختم شریف کی محفل میں پیر سید حسین الدین شاہ خطاب کر رہے ہیں

حکومت ملک میں مہنگائی کے خاتمے کے لئے کام کر رہی ہے، رانا اسحاق

ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر مستحکم ہو رہی ہے، پارلیمانی سیکرٹری کا قومی اسمبلی میں جواب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ حکومت ملک میں مہنگائی کے خاتمے کے لئے کام کر رہی ہے، ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر مستحکم ہو رہی ہے، جلد ہی اس کے ثمرات سامنے آئیں گے، پرائس کنٹرول میکنزم صوبوں کے پاس ہے، صوبوں کو وفاقی حکومت کی جہاں بھی مدد درکار ہوئی، دی جائے گی۔ بدھ کو اجلاس کے دوران نصیبہ چنا کے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی سے متعلق توجہ مبذول نوٹس کا جواب دیتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ رانا اسحاق نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک میں مہنگائی بڑھ رہی ہے اور ہر طبقہ پریشان ہے، اس حکومت کو آئے کچھ مدت ہوئی ہے، 2018 میں پاکستان تیزی سے ترقی کر رہا تھا، ڈالر صرف 100 روپے تھا، ملک میں شاہراہیں اور بجلی کے کارخانے لگ رہے تھے

نارووال، ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونیوالے چیف نائیک مدثر فیاض کو فوجی اعزاز کیساتھ سپرد خاک کر دیا گیا

نارووال (این این آئی) بلوچستان میں ہیلی کاپٹر کے حادثے میں شہید ہونے والے چیف نائیک مدثر فیاض شہید کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ بلوچستان میں ہیلی کاپٹر حادثہ میں شہید چیف نائیک مدثر فیاض کی نماز جنازہ گورنمنٹ ہائی سکول شکر گڑھ کی گراؤنڈ میں ادا کی گئی جس میں اعلیٰ عسکری حکام، سیاسی و سماجی شخصیات سمیت علاقہ بھر سے عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شہید مدثر فیاض کا جسد خاکی گھر پہنچا تو علاقہ کی فضاء سوگوار ہو گئی۔ نماز جنازہ ادا کرنے (بقیہ نمبر 20)

22 ماہ کے بعد جولائی میں برآمدات میں 24 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل نے کہا ہے کہ 22 ماہ کے بعد جولائی میں برآمدات میں 24 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ امپورٹڈ ٹولہ ملک اور قوم کو بہت بھاری پڑ رہا ہے، ایکسپورٹ بند مطلب کارخانے بند، روزگار بند اور مہنگائی پاکستانی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ ریمیٹنس بھیجنے والے ویسے ہی انہیں برے لگتے ہیں

سلیمان خان یوسف حفاظت اطفال پروگرام کی سربراہ ڈینیلا لوسیانی کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

عمران نیازی واحد لیڈر ہے، جس نے خیرات میں بھی کرپشن ایجاد کی، حافظ حمد اللہ

ستر صفحات پر مشتمل فیصلہ عمران نیازی کے جھوٹ کرپشن چوری بددیانتی جیسے سیاہ کارناموں کا مستند دستاویز ہے،

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ عمران نیازی واحد لیڈر ہے جس نے خیرات میں بھی کرپشن ایجاد کیا، ستر صفحات پر مشتمل فیصلہ عمران نیازی کے جھوٹ کرپشن چوری بددیانتی جیسے سیاہ کارناموں کا مستند دستاویز ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ان سیاہ کارناموں میں عمران نیازی سمیت تحریک انصاف کے دیگر رہنماؤں کا نام ای سی ایل میں شامل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ فیصلے سے اکبر ایس بابر کے لگائے گئے الزامات واضح طور پر ثابت ہوئے۔

ایمن الظواہری کو نشانہ بنانے والا امریکی ڈرون کہاں سے اڑایا گیا؟ حافظ حسین احمد

امریکہ ہزاروں میل دور بیٹھ کر پاکستان کا کندھا استعمال کر رہا ہے تاکہ افغانستان سے پاکستان کے تعلقات کشیدہ ہوں

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ امارات اسلامیہ افغانستان میں ایمن الظواہری کو نشانہ بنانے والا امریکی ڈرون کہاں سے اڑایا گیا تھا؟ اور کیا امریکہ افغانستان سے شرمناک شکست اور انخلا کے بعد بھی افغانستان میں ماضی کا وہی کھیل نیٹو (بقیہ نمبر 19)

ڈاکٹر احمد جاوید قاضی پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کی صنعتی قرضوں کی سکیموں پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اہل بیتؓ سے محبت رکھنا ایمان کا بنیادی جزو ہے‘ مجاہد عبدالرسول

صحابہ کرامؓ، اہل بیت اطہارؓ کی عزت و تکریم ہماری عقیدت کا محور و مرکز ہے: صدر سنی تحریک

لاہور (این این آئی) صدر سنی تحریک پنجاب مذہبی سکالر علامہ مجاہد عبدالرسول خان قادری نے کہا ہے کہ اہل بیتؓ سے محبت رکھنا ایمان کا بنیادی جزو ہے، دین کی ترویج کیلئے خلفائے راشدینؓ اور حسنین کریمینؓ کے کردار کو قیادت تک یاد رکھا جائے گا، صحابہ کرامؓ، اہل بیت اطہارؓ کی عزت و تکریم ہماری عقیدت کا محور و مرکز ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اہل بیت سے محبت رکھنا ایمان کا بنیادی جزو ہے، اہل بیت سے محبت عقیدت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہو سکتا، اہل بیت اطہار نے اپنے روشن کردار سے انسانیت کو امن سکون کی خیرات بخشی۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم نے کربلا میں اپنا سب کچھ لٹا دیا۔

معیشت کے حوالے سے ایمرجنسی کا نفاذ ناگزیر ہو چکا ہے

اسٹیک ہولڈرز، ملکی اور غیر ملکی معاشی ماہرین پر مشتمل خودمختار اتھارٹی بنائی جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حالات اس نہج پر پہنچ گئے ہیں جہاں معیشت کے حوالے سے ایمرجنسی کا نفاذ ناگزیر ہو چکا ہے، نئے مالی سال کے پہلے ماہ ملکی برآمدات ماہانہ بنیادوں پر 23.95 فیصد کم ہوئی ہیں جو تشویش کا باعث ہے، اگر اس رجحان کو نہ روکا گیا تو مسائل مزید گھمبیر ہو جائیں گے۔ ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار، جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین، ممبران امانت بشیر، ایس اے جعفری اور میاں شہریار نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ معیشت سے جڑے شعبوں کو الگ الگ کر کے ان کیلئے اہداف کا ڈاٹوں کو دور کرنا ہوگا، ٹیکسیشن کے نظام میں اصلاحات لانا ہوں گی

اوگرا کی ایل پی جی بلیک مارکیٹنگ کرنے والوں کیخلاف کارروائی

2571 روپے فی گھریلو سلنڈر سے زائد پر فروخت کرنے والوں کے خلاف اقدام کی استدعا

کراچی (این این آئی) اوگرا کی جانب سے ایل پی جی کی بلیک مارکیٹنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) جانب سے ملک بھر میں ایل پی جی کی بلیک مارکیٹنگ کو روکنے کیلئے اہم فیصلے کر لیے گئے۔ تمام صوبوں کے چیف سیکریٹری اور چیف کمشنر اسلام آباد کو خط لکھا گیا کہ ایل پی جی پروڈکشن اینڈ ڈسٹری بیوشن رولز 2001 کے مطابق اوگرا کی جانب سے جاری کردہ ماہ اگست قیمت 2571 روپے فی گھریلو سلنڈر سے زائد قیمت پر ا(بقیہ نمبر 21)

مسجد بگویہ کی تعمیر و مرمت کا کام چند ماہ گزرنے کے بعد ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گیا

نقش و نگار کی چمک دمک ختم اور سفیدی جگہ جگہ سے اکھڑنا شروع ہو گئی



بھیرہ (نمائندہ مناقب) محکمہ آثار قدیمہ کی طرف سے شیر شاہ سوری دور میں تعمیر ہونے والی جامع مسجد بگویہ کی تزئین و آرائش اور تعمیر و مرمت کا کام چند ماہ گزرنے کے بعد ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گیا ہے نقش و نگار کی چمک دمک ختم اور سفیدی جگہ جگہ سے اکھڑنا شروع ہو گئی ہے دیواروں میں اکثر جگہ پر دراڑیں پڑ گئی ہیں جو بھربھری ہونے سے کسی بھی وقت گر سکتی ہیں ناہیدہ محبوب الٰہی فاؤنڈیشن کے چیئرمین خواجہ زاہد نسیم سرگودھا چیمبر آف کامرس سے رکن چوہدری محمد اجمل گوندل اور ویلفیئر کونسل تحصیل بھیرہ کے صدر چوہدری خالد محمود آرائیں نے ڈپٹی کمشنر سرگودھا اور ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ چار کروڑ 35 لاکھ روپے کی خطیر رقم سے ہونے والے اس تعمیراتی کام میں ہونے والے (بقیہ نمبر 52)

ملک ناصر نواز اعوان کو بطور ڈی ایس پی صدر سرکل جوہر آباد تعینات کر دیا گیا

عوامی سماجی حلقوں کی طرف سے ان کی تعیناتی کا خیر مقدم کیا گیا ہے

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ مناقب) ملک ناصر نواز اعوان کو بطور ڈی ایس پی صدر سرکل جوہر آباد تعینات کر دیا گیا عوامی سماجی حلقوں کی طرف سے ان کی تعیناتی کا خیر مقدم کیا گیا ہے ملک ناصر نواز اعوان ایک ایمان دار، دلیر، فرض شناس اور انصاف پسند پولیس آفیسر ہیں۔ میرٹ اور انصاف پسندی کی وجہ سے موصوف عوامی حلقوں میں بہت مقبول ہیں ان کی اعلیٰ خداداد انتظامی صلاحیتوں کی وجہ سے انہیں حکام بالا قدر کی نظر سے دیکھتے ہیں آپ مختلف علاقوں میں محکمہ پولیس کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دے چکے ہیں عوامی سماجی حلقوں نے جوہر آباد میں ان کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ انکو زندگی کے ہر میدان میں کامیابیوں و کامرانیوں سے نوازے اور ہمیشہ فیملی سمیت اپنی حفظ و امان میں رکھے اور صحت و سلامتی کے ساتھ سدا سلامت رکھے اور موصوف خلق خدا کی خدمت کے لیے اپنے فرائض منصبی بطریق احسن سرانجام دیتے رہیں۔

دریائے راوی سمیت پنجاب کے کسی بھی دریا میں ابھی تک سیلاب کا خطرہ نہیں‘ ترجمان پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق دریائے راوی سمیت پنجاب کے کسی بھی دریا میں ابھی تک سیلاب کا خطرہ نہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق تمام دریاؤں میں پانی کی سطح معمول کے مطابق ہے اور دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں۔ زیادہ بارشیں ہونے کی وجہ سے دریاؤں سے جڑے ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ موجود رہے گا۔ دریاؤں کے کنارے مقیم لوگو(بقیہ نمبر 18)

عمران خان کی مقبولیت سے خوفزدہ پی ڈی ایم کے تمام ہتھکنڈے ناکام ہو گئے، حلیم عادل شیخ

کراچی (این این آئی) اپوزیشن لیڈر سندھ حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ اصل فیصلے عوام نے ووٹ کے ذریعے کرنے ہیں، پی ڈی ایم کے تمام ہتھکنڈے ناکام ہو گئے ہیں۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے مضحکہ خیز فیصلے سے پوری قوم واقف ہے۔ الیکشن کمیشن پی ڈی ایم کی بی ٹیم کا کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز برساتی مینڈک بھی عمران خان پر تنقید کرنے نکلے تھے۔

محکمہ صحت کی غفلت، لاپرواہی یا ملی بھگت کے باعث ڈاکٹروں نے کلینک بنائے ہوئے ہیں

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ مناقب) محکمہ صحت، ڈرگ انسپکٹر کی غفلت، لاپرواہی یا ملی بھگت کے باعث وادی سون کے مختلف علاقوں اوچھالی، کوردھی، صدیق آباد، انگہ، کھبکی، کھوڑہ، جابہ، سمیت دیگر دیہات میں ناتجربہ کار عطائی ڈاکٹروں نے کلینک بنائے ہوئے ہیں پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی جانب سے عطائی ڈاکٹروں کیخلاف کارروائی کیا حکامات ڈرگ (بقیہ نمبر 50)

بھیرہ، سرفراز علی اور ان کے ساتھیوں کی شہادت ایک المناک سانحہ ہے

بھیرہ (نمائندہ مناقب) مفتی شہر صاحبزادہ ابرار احمد بگوی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ہونے والے ہیلی کاپٹر حادثہ میں کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی اور ان کے ساتھیوں کی شہادت ایک المناک سانحہ ہے وہ مرکزی جامع مسجد بگویہ بھیرہ کے دارالعلوم عزیزیہ میں شہدا کے ایصال ثواب کے لئے تعزیتی ریفرنس اور دعائیہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے صاحبزادہ ابرار احمد بگوی نے کہا کہ ہماری تاریخ پاکستانی فوج کی لازوال قربانیوں سے بھری پڑی ہے (بقیہ نمبر 51)

بلوچستان کے متعدد علاقوں میں امدادی سامان پہنچایا نہ جا سکا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیلاب گزرے کئی روز ہو گئے تاہم اب تک متعدد علاقوں میں راشن اور دیگر امدادی سامان پہنچایا نہ جا سکا۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب کے باعث مکانات تباہ ہونے سے متاثرین سخت پریشان ہیں جبکہ صاف پانی اور خوراک کی قلت پیدا ہو گئی ہے۔ گزشتہ دو ہفتوں سے 50 ہزار آبادی والے مچھ شہر کا رابطہ کوئٹہ اور ملک (بقیہ نمبر 15)

مولانا عبدالاکبر چترالی ایوان میں اراکین کی تعداد کم ہونے اور قانون سازی پر برس پڑے

پہلے ہمارے وقفہ سوالات پر ڈالا گیا، اب اس حالت میں قانون سازی کی جا رہی ہے کہ ایوان خالی ہے

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی کے رکن اسمبلی مولانا عبدالاکبر چترالی ایوان میں اراکین کی تعداد کم ہونے اور قانون سازی پر برس پڑے اور کہا ہے کہ پہلے ہمارے وقفہ سوالات پر ڈالا گیا اور اب اس حالت میں قانون سازی کی جا رہی ہے کہ ایوان خالی ہے۔ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا عبدالاکبر چترالی نے کہا کہ ہمیں کہا جاتا ہے کہ کورم پوائنٹ آؤٹ نہ کریں چلیں نہیں کرتے مگر ایوان کی حالت دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہمارے وقفہ سوالات پر ڈالا گیا اور اب اس حالت میں قانون سازی کی جا رہی ہے کہ ایوان خالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون سازی کسی خاص جماعت کے لیے نہیں ملک اور عوام کے لیے کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تو ایوان میں پارلیمان کے ساتھ کھلواڑ کیا جا رہا ہے۔

ایف بی آر نے ٹیکس بڑھانے کیلئے نئی حکمت عملی تیار کر لی

شوبز اسٹارز و کرکٹرز کے ٹیکس معاملات کیلئے الگ یونٹ قائم کرنے پر غور

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس بڑھانے کے لئے شوبز ستاروں اور کرکٹرز کے ٹیکس معاملات کے لئے الگ یونٹ بنانے پر غور شروع کر دیا ہے۔ ایف بی آر نے ٹیکس بڑھانے کیلئے نئی حکمت عملی تیار کر لی ہے اور اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ شوبز ستاروں اور کرکٹرز کے ٹیکس معاملات کیلئے الگ یونٹ قائم کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق مخصوص یونٹ کرکٹرز، فلم، ڈرامہ، تھیٹرز اداکار اور گلوکاروں کے ٹیکس معاملات دیکھے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ نئے یونٹ سے ایسے تمام اسٹارز کو ٹیکس نیٹ میں لانے میں مدد ملے گی جو ابھی تک ٹیکس نیٹ میں نہیں آئے، مخصوص یونٹ قائم ہونے سے ٹیکس وصولیوں میں بھی آسانی ہو گی۔

انکم، ٹوکن، ٹال ٹیکس میں اضافے کے خلاف ٹرانسپورٹرز کی دوسرے روز بھی ہڑتال

مسافروں نے ٹرینوں کا رخ کر لیا، ٹرینیں کئی کئی گھنٹے لیٹ ہونے کی وجہ سے مسافروں کی مشکلات کم نہ ہو سکیں

لاہور (این این آئی) انکم ٹیکس، ٹوکن ٹیکس، ٹال ٹیکس سمیت دیگر ٹیکسز میں اضافے کیخلاف لاہور سمیت ملک بھر پبلک ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی، مسافروں نے ٹرینوں کا رخ کر لیا تاہم ٹرینیں کئی کئی گھنٹے لیٹ ہونے کی وجہ سے شدید مشکلات درپیش ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور سمیت ملک بھر میں ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی جس کی وجہ سے دوسرے اضلاع اور صوبوں میں جانے والے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں ہڑتال کے باعث تمام بس اسٹینڈز پر ہو کا عالم رہا۔ نیازی ایکسپریس 99 اس ہڑتال میں شامل نہیں اور اس کی ٹرانسپورٹ چل رہی ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے ایک سیٹ (بقیہ نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر عمر شیر چٹھہ آبادجلوس کے روٹ پر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

الیکشن کمیشن کا ممنوعہ فنڈنگ کیس پر فیصلہ بدنیتی پر مبنی ہے‘ نوید شریف

تحریک انصاف کے بعد دیگر جماعتوں کی فنڈنگ بھی سامنے لائی جائے‘ رہنما تحریک

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما نوید شریف نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا ممنوعہ فنڈنگ کیس پر فیصلہ بدنیتی پر مبنی ہے، تحریک انصاف واحد سیاسی جماعت ہے، جس نے اپنے اکاؤنٹس کی آڈٹ شدہ تفصیلات فراہم کی ہیں، الیکشن کمیشن تحریک انصاف کے بعد دیگر جماعتوں کی فنڈنگ بھی سامنے لائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فیصلے سے ثابت ہوا کہ تحریک انصاف کو فارن فنڈنگ نہیں ہوئی جس کے بعد پی ڈی ایم کا فارن فنڈنگ کا بیانیہ دفن ہو چکا، ن لیگی درباریوں نے 8 سال تک قوم کو گمراہ کیے رکھا، تحریک انصاف بڑی سیاسی جماعت ہے جس کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی

پنجاب حکومت نے گریڈ 20 کی افسر ڈاکٹر فرح مسعود کی خدمات مانگ لیں

ڈاکٹر فرح مسعود کو کمشنر لاہور ڈویژن ذمہ داری سونپے جانے کا امکان ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے وفاق سے گریڈ 20 کی افسر ڈاکٹر فرح مسعود کی خدمات مانگ لیں۔ بتایا گیا ہے کہ خدمات ملنے پر ڈاکٹر فرح مسعود کو کمشنر لاہور ڈویژن ذمہ داری سونپے جانے کا امکان ہے۔ ڈاکٹر فرح مسعود پاکستان ایڈمنسٹریشن سروس کی گریڈ 20 کی افسر ہیں اور متعدد اہم عہدوں پر فرائض سرانجام دے چکی ہیں۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے پنجاب حکومت سے کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد عثمان کی خدمات واپس مانگ رکھی ہیں۔

PDMA PUNJAB

فیصل فرید ڈی جی خان میانوالی کے سیلابی علاقوں کے نقصانات کا تخمینہ لگانے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان اصلی چور ثابت ہو چکا اسے تاحیات نااہل قرار دیا جائے

ثاقب نثار نے جسے صادق امین قرار دیا تھا آج وہ لاڈلہ سرٹیفائیڈ چور ثابت ہو چکا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان اصلی چور ثابت ہو چکا اسے تاحیات نااہل قرار دیا جائے، عمران خان جھوٹا شخص ہے خیرات لے کر اوورسیز پاکستانیوں سمیت پوری قوم سے دھوکہ کیا، ثاقب نثار نے جسے صادق امین قرار دیا تھا آج وہ لاڈلہ عمران خان نیازی سرٹیفائیڈ چور ثابت ہو چکا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے ممنوعہ فارن فنڈنگ کیس کے فیصلے کے بعد عمران خان صادق امین نہیں رہے اس لئے عمران خان پر آرٹیکل 62 اور 63 لاگو کر کے انہیں عمر بھر کیلئے نااہل قرار دیا جائے عمران خان نیازی کے صادق امین نہ رہنے کے ثبوت آنے کے بعد عمران خان پی (بقیہ نمبر 12)

بجلی بلوں میں فکسڈ ٹیکس کا یکسر خاتمہ کیا جائے، میاں کامران سیف

بجلی کے بھاری بل سے گھروں اور دوکانوں شدید اذیت کا باعث بنے ہوئے ہیں

لاہور (این این آئی) وائس آف ٹریڈرز کے چیئرمین میاں کامران سیف وائس چیئرمین انجمن تاجران لاہور نے بجلی بلوں پر سپر ٹیکس پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوکاندار بجلی بلوں میں فکسڈ ٹیکس سے متاثر ہو رہی ہیں اور ان کے بجلی چند یونٹ بجلی استعمال پر بل ہزاروں میں پہنچ چکے ہیں جن کی ادائیگی ان کے لیے مشکل ہوتی جا رہی ہے اس لیے تاجروں کے احتجاج پر بجلی بلوں میں فکسڈ ٹیکس کا یکسر خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بھاری بل سے گھروں اور دوکانوں شدید اذیت کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ صدر عاصم مغل نے کہا کہ وزیر خزانہ کی طرف سے 150 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے دوکانداروں پر ٹیکس معافی دوکانداروں کے ساتھ مذاق ہے دوکاندار پر بجلی کی قیمت میں بھاری اضافوں (بقیہ نمبر 13)

خطرناک گینگ نے سابق ایڈیشنل سیکرٹری سمیت کئی شہریوں کو مزاحمت پر قتل کیا

پولیس ذرائع کے مطابق خطرناک گینگ نے سابق ایڈیشنل سیکرٹری سمیت کئی شہریوں کو مزاحمت پر قتل کیا،

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ڈیفنس سے خاتون کو اغواء کر کے کار چھیننے والے بلال ثابت گینگ کے بارے میں مزید سنسنی خیز انکشافات سامنے آئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق واردات میں گرفتار ایک ملزم عبداللہ نے تفتیش کے دوران انکشافات کیے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق خطرناک گینگ نے سابق ایڈیشنل سیکرٹری سمیت کئی شہریوں کو مزاحمت پر قتل کیا، ملزم بلال نے موٹروے پر ایڈیشنل آئی جی موٹرویز سجاد افضل آفریدی کو فائرنگ کر کے زخمی بھی کیا تھا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گینگ راولپنڈی، اسلام آباد اور لاہور میں کار چھیننے کی 35 سے زائد وارداتیں کر چکا ہے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ گینگ لیڈر بلال ثابت، امتیاز لنگڑا، ارشد اور واجد راولپنڈی پولیس کے ہاتھوں مقابلے میں ہلاک ہو چکے ہیں

حکومت بلیک میں کھاد اور اشیاء خورد و نوش فروخت کرنے والوں کو نکیل ڈالے

سندھ کے بعد پنجاب میں بھی لمپی سکن کی بیماری بڑی تیزی سے پھیل رہی ہے، صدر کسان بورڈ

لاہور (این این آئی) کسان بورڈ پاکستان وسطی پنجاب کے صدر میاں رشید منہالہ نے کہا ہے کہ حکومت بلیک میں کھاد اور اشیاء خورد و نوش فروخت کرنے والوں کو نکیل ڈالے۔ جن اشیاء ضروریہ کے ریٹ پٹرول مہنگا ہونے سے بڑھے تھے پٹرول کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود ان کے ریٹوں میں کمی نہیں آ(بقیہ نمبر 14)

لاہور: موٹر سائیکل سوار بارش سے بچنے کیلئے چھتری تانے جا رہے ہیں

وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام سید امین الحق سے نارویجن سفیر کی ملاقات، آئی ٹی سیکٹر کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام سید امین الحق سے نارویجن سفیر پیر البرٹ الیاس نے ملاقات کی جس میں آئی ٹی سیکٹر کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے مابین تعاون، آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹر سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیالات کیئے گئے۔ وفاقی وزیر سید امین الحق نے ناروجین سفیر کو آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹرز کے حوالے سے حکومتی پالیسیوں سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر امین الحق (بقیہ نمبر 10)

غیر ملکی فنڈنگ کیس کا فیصلہ آنے کے بعد پی ٹی آئی کو وضاحت کا ایک موقع دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) غیر ملکی فنڈنگ کیس کا فیصلہ آنے کے بعد پی ٹی آئی کو وضاحت کا ایک موقع دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اگر پارٹی اپنے حق میں دستاویز لے آئے تو الیکشن کمیشن فیصلہ واپس لے سکتا ہے، شوکاز نوٹس جاری ہونے کے بعد 7 سے 14 روز کے اندر جواب دینا ہوتا ہے۔ ذرائع کے مطابق شوکاز نوٹس کی کارروائی مکمل ہونے پر الیکشن کمیشن ریفرنس وفاقی حکومت کو بھیج دیگا، پارٹی کے فنڈ ضبط کرنا یا اسے تحلیل کرنے کا اختیار وفاقی حکومت کا ہے۔ ذرائع کے مطابق غیر ملکی فنڈنگ ہونے پر وفاقی حکومت پارٹی تحلیل کرنے کا ڈکلیریشن سپریم کورٹ کو ارسال کرے گی جس کے بعد سپریم کورٹ کے پاس حتمی اختیار ہے

جماعت اسلامی کا ترجمان لیاری کے اغوا کا دعوی، پولیس نے معاملہ مشکوک قرار دے دیا

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی نے دعویٰ کیا ہے کہ ایم پی اے سید عبدالرشید کا ساتھ چھوڑنے سے انکار پر ترجمان لیاری کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق نامعلوم سادہ لباس میں نامعلوم مشتبہ افراد نے ترجمان جماعت اسلامی لیاری محمد ہارون کو بہار کالونی سے پولیس (بقیہ نمبر 9)

محمد نعیم غوری نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی میں بطور ممبر فنانس چارج سنبھال لیا

اسلام آباد (این این آئی) محمد نعیم غوری نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی میں بطور ممبر فنانس چارج سنبھال لیا ہے۔ ترجمان عمران غزنوی کے مطابق محمد نعیم غوری انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے ممبر ہیں، ان کے پاس پاکستان میں تیل و گیس کی تلاش اور پیداواری کمپنیوں کے ساتھ بین الاقوامی سطح پر (زیادہ تر ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ساتھ) فنانس ہیڈ، پروکیورمنٹ، ایڈمنسٹریشن اور آئی ٹی کا تیس سال سے زیادہ کا تجربہ ہے۔ تیل و گیس کے شعبے میں بطور فنانس ہیڈ آپ کاروباری حکمت عملی کی تشکیل، کمپنیوں کے انضمام اور ان کی ترقی و ترویج کے خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں

ایف آئی اے کی کارروائی، چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث ملزم عبیدالرحمان کو گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل نے راولپنڈی میں کارروائی کرتے ہوئے چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث ملزم عبیدالرحمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ہونے والا ملزم چائلڈ پورنوگرافی مواد شیئر کرنے میں ملوث تھا، ترجمان کے مطابق ملزم کے موبائل سے قابل (بقیہ نمبر 8)

کراچی والوں کیلئے ساحلی مقامات پر دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، پابندی کا اطلاق 17 اگست تک ہو گا

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی محمد اقبال میمن نے شہر میں سمندر پر نہانے سمیت غوطہ خوری اور تیراکی پر پابندی عائد کر دی ہے۔ کمشنر کراچی کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق شہر قائد میں ساحلی مقامات پر دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے جس کا اطلاق 17 اگست تک ہو گا۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ (بقیہ نمبر 7)

اے این ایف کی پاک افغان بارڈر چمن پر کارروائی، عمار دین نامی افغان باشندے سے تین کلوگرام آئس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے پاک افغان بارڈر چمن پر کارروائی کرتے ہوئے عمار دین نامی افغان باشندے سے تین کلوگرام آئس برآمد کر لی۔

پبلشر و چیف ایڈیٹر شاہ محمد اعوان نے مقبول پریس سوہان اسلام آباد سے چھپوا کر A-4، فرسٹ فلور، محمود پلازہ، بلیو ایریا اسلام آباد سے شائع کیا

منیجنگ ایڈیٹر: محمد آصف اعوان
جوائنٹ ایڈیٹر: سہیل افسر اعوان

ہیڈ آفس: A-4، فرسٹ فلور، محمود پلازہ، بلیو ایریا
اسلام آباد فون نمبر 051-2344035
dailymanaqib@gmail.com

سب آفس: زم زم پلازہ، کوٹ فرید روڈ سرگودھا
+92 313 860 8035
Website
www.dailymanaqib.com

GROUND BREAKING
CTION OF CHILD PROTECTION U
LODHRAN
BY
RAH AHMAD
ERSON CHILD PROTECTIO
LFARE BUREAU PUNJAB
ON: 3rd August 2022
5713) FOR THE YEAR 202
CATION & WORKS DEPART

سارہ احمد لودھراں میں چائلڈ پروٹیکشن یونٹ کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا کر رہی ہیں

میرا پاکستان میرا گھر اسکیم، بینکس رقوم کی تقسیم تیز کریں، اسٹیٹ بینک

درخواست گزار مشکلات پر اسٹیٹ بینک کو بھی شکایت کر سکتے ہیں، ترجمان

کراچی (این این آئی) مرکزی بینک نے تمام بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ میرا پاکستان میرا گھر اسکیم پروگرام کے تحت سستے قرضوں کے منظور شدہ کیسز میں رقوم کی تقسیم تیز کریں۔ ترجمان اسٹیٹ بینک کے مطابق میرا پاکستان میرا گھر اسکیم کے کیسز پانچ ماہ سے تاخیر کا شکار ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے بینکوں اور ڈی ایف آئیز کو جاری ہدایات میں کہا گیا ہے کہ بینکس سستے قرضوں کے اجرا میں 25 جولائی (بقیہ نمبر 1)

نذیر چوہان سمیت 8 افراد نے ضمانت کیلئے درخواست دائر کر دی

سردار اکبر ڈوگر ایڈووکیٹ کی وساطت سے درخواست ضمانت بعد از گرفتاری دائر کی گئی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما نذیر چوہان سمیت 8 افراد کی ضمانت کیلئے دائر درخواست پر سماعت آج تک ملتوی کرتے ہوئے نوٹس جاری کر دیئے۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کی جج عبہر گل خان نے نذیر چوہان سمیت دیگر افراد کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ ملزمان نے وکیل سردار اکبر ڈوگر ایڈووکیٹ کی وساطت سے درخواست ضمانت بعد از گرفتاری دائر کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ تھانہ چوہنگ پولیس نے جھوٹا اور بے بنیاد مقدمہ درج کیا اور سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کے لئے مقدمے میں دہشتگردی کی (بقیہ نمبر 2)

سیاسی مخالفین کی خواہش ہے پی ٹی آئی مقابلے کی دوڑ سے باہر ہو جائے

کرپٹ اتحادی ٹولے کا اقتدار سکڑ کر وفاقی دارالحکومت کے 12 کلومیٹر کی حدود تک رہ گیا ہے‘

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما و چیئرپرسن قائمہ کمیٹی داخلہ مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ لوٹ مار ایسوسی ایشن کی یہی خواہش ہے کہ عام انتخابات کے انعقاد سے پہلے کسی نہ کسی طرح تحریک انصاف مقابلے کی دوڑ سے باہر ہو جائے، تحریک انصاف آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت چاروں صوبوں کی سب سے بڑی جماعت ہے اس لئے لوٹ مار ایسوسی ایشن کی خواہش کی تکمیل کا کوئی جواز نہیں بنتا، وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے وژن کے مطابق کام کر رہے ہیں اور پنجاب میں گورننس کی بہتری پہلی ترجیح ہے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن کا فیصلہ مذاق بن گیا ہے، عوام نے اوورسیز پاکستانیوں پر شکوک و شبہات ظاہر کرنے پر (بقیہ نمبر 3)

پاکستان میں کورونا وباء نے مزید 9 مریضوں کی جان لے لی، 806 نئے کیسز رپورٹ

ملک بھر میں اب تک 30 ہزار 499 کورونا وائرس کے مریض انتقال کر چکے ہیں

گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 20 ہزار 949 ٹیسٹ کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وباء نے مزید 9 مریضوں کی جان لے لی۔ تفصیلات کے مطابق ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 52 ویں نمبر پر پہنچ چکا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 3 اعشاریہ 85 فیصد ریکارڈ کی گئی، پاکستان میں (بقیہ نمبر 4)

کراچی: آغا سراج درانی سے حماد پوناوالا کی سربراہی میں وفد گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہا ہے

عمران خان کی جیب کی تلاشی میں آٹھ سال لگے ہیں مرکزی رہنما طلال چوہدری

محمد نواز شریف تو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نااہل ہوئے اسی معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے لاڈلے کو بھی سزا دی جائے

کوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما طلال چوہدری نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد عمران خان پر جرم ثابت ہو چکا ہے، اب سزا باقی ہے، جرم کے تحت ان کی تاحیات نااہلی، عمر قید اور فنڈز کی ضبطگی کی سزا عمل میں لائی جا سکتی ہے، خان صاحب کی جیب سے بھارتی اسرائیلی فنڈنگ کے ثبوت برآمد ہو چکے ہیں، محمد نواز شریف تو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر (بقیہ نمبر 5)

پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جولائی کے دوران 26 فیصد کمی

جولائی 2022ء میں 1.44 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے مہینہ میں سالانہ بنیادوں پر 26 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ملک میں جولائی 2022ء میں 1.44 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی، جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلہ میں 26 فیصد کم ہے، 1.94 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی لائی 2022ء میں 1.44 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں ملک میں 0.59 ملین ٹن پٹرول، 0.44 ملین ٹن، ہائی اسپیڈ ڈیزل اور 0.35 ملین ٹن، فرنس آئل کی فروخت دیکھنے میں آئی ہے۔

موٹر سائیکلوں کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، فروخت میں 40 فیصد تک

یونیک، این جے آٹو انڈسٹریز نے بھی تمام موٹر سائیکلوں کی قیمتوں میں 5 ہزار روپے کا اضافہ کر دیا

لاہور (این این آئی) موٹر سائیکل بنانے والی کمپنیوں کی جانب سے قیمتوں میں مسلسل اضافے کا رجحان جاری ہے جبکہ دوسری جانب موٹر سائیکلوں کی فروخت میں 20 سے 40 فیصد تک کمی ہو گئی ہے۔ چیئرمین ایسوسی ایشن آف پاکستان موٹر سائیکل اسمبلرز صابر شیخ کے مطابق قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے چینی ساختہ موٹر سائیکلوں کی فروخت میں 40 فیصد تک کمی آئی ہے جبکہ ہونڈا، یاماہا اور سوزوکی کی موٹر سائیکلوں کی فروخت بھی 20 فیصد تک کم ہو گئی ہے۔ علاوہ ازیں چینی ساختہ موٹر سائیکلوں میں یونیک نے بھی تمام موٹر سائیکلوں کی قیمتوں میں 5 ہزار روپے کا اضافہ کر دیا جس کا اطلاق 5 اگست سے ہو گا۔ اسی طرح این جے آٹو انڈسٹریز نے بھی 70 سی سی موٹر سائیکلوں کی قیمت میں 5 ہزار روپے، 125 سی(بقیہ نمبر 6)

APPRECIATION CEREMONY
TO ACKNOWLEDGE VALUED CONTRIBUTION
OF 1-4 SCALE HEROES OF IUB
ORGANIZED BY: IUB PERFORMING ARTS SOCIETY

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام اساتذہ جشن آزادی کے حوالے سے پروگرام کرنے والے طالبات کو انعام تقسیم کر رہے ہیں

فوجی افسران کی شہادت قومی نقصان ہے: میاں نعمان کبیر

ہم اپنے جانباز فوجی افسران کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک اور شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا گو ہے

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں نعمان کبیر نے بلوچستان میں ہونے والے ہیلی کاپٹر کریش پر شدید رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے فوجی افسران کی شہادتوں کو قومی سانحہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر نے کہا کہ ہیلی کاپٹر کریش سانحہ میں کورپ کمانڈر کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈز میجر جنرل امجد حنیف ستی اور انجینئرنگ کور کے بریگیڈیئر محمد خالد، پائلٹ میجر سعید احمد، پائلٹ میجر محمد طلحہ منان اور نائیک مدثر فیاض کی شہادت ملک کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس مقدس فریضے کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے اپنے جانباز فوجی افسران کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہے۔

پی آر اے کی جانب سے ٹیکسز میں ریلیف کو سہولیات کی فراہمی احسن اقدام ہے

بزنس کمیونٹی کو درپیش ٹیکسز کے مسائل کے حل کیلئے لاہور چیمبر کے پلیٹ فارم سے جدوجہد کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس میں چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی بزنس اینڈ ٹیکس ریفارمز کاشف انور کی زیر صدارت پنجاب ریونیو اتھارٹی کے کردار اور افادیت اور پنجاب فنانس بل 2022 اور 23 میں ہونیوالی ترامیم کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی سینئر انفورسمنٹ آفیسر پنجاب ریونیو اتھارٹی عمر فاروق خان تھے جبکہ سیمینار میں لاہور ٹیکس بار اور سینئر وکلا عاشق علی رانا، حسن علی قادری، محمد داؤد، حسیب خان سمیت بزنس کمیونٹی کی بڑی تعداد سیمینار کے موقع پر موجود تھی۔ تقریب کے موقع پر چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی کاشف انور کی جانب سے بزنس کمیونٹی کو وابستہ ٹیکس ڈیپارٹمنٹس اور اداروں سے متعلقہ مشکلات سے آگاہی دی گئی۔ تقریب کے موقع پر سینئر انفورسمنٹ آفیسر پنجاب ریونیو اتھارٹی عمر فاروق خان نے پی آر اے کی افادیت اور اور کردار کے حوالے سے مفصل بریفنگ دی۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب ریونیو اتھارٹی نے بزنس کمیونٹی کے متعدد دیرینہ مسائل کو حل کر دیا ہے۔ جبکہ بزنس کمیونٹی پر کوئی بھی نئے ٹیکس کا نفاذ نہیں کیا گیا